Digitized By eGangotri

آبشارِ نُور

(کلامِ شیخ العالم حضرت نُورالدّین ولیؒ کا)

منظوم اردو ترجمہ

ترجمہ کار ڈاکٹر سید شبیب رضوی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

جناب سلیم سالک کی نذر

سید شبیب رضوی
۲۶/۲/۲۰۱۸ء

آبشارِ نُور

کلامِ شیخ العالم حضرت نُورالدّین ولی کشمیری رحمۃُ اللہ علیہ کا

منظوم اُردو ترجمہ

مُترجم

ڈاکٹر سیّد شبیب رضوی

اندرون کاٹھی دروازہ، رعناواری

سرینگر 190003، کشمیر

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ ہیں

کتاب : آبشارِ نُور (کلامِ شیخ العالم حضرت نُورالدّین ولیؒ کا منظوم اُردو ترجمہ)

مُترجم : سیّد شبیب رضوی

سنِ اشاعت : ۲۰۱۷ء

کمپیوٹر کمپوزِنگ : جمیل انصاری (9419011590)

سرورق : جمیل انصاری

تعداد : پانچ سو

قیمت : ۳۰۰/روپے

۵۰۰/روپے (لائبریری ایڈیشن)

مطبع : تاج پرنٹنگ سروس، دہلی

ملنے کا پتا:

☆: اندرُون کاٹھی دروازہ، رعناواری سرینگر

☆: کتاب گھر، مولانا آزاد روڈ، سرینگر

اس کتاب کی اشاعت میں جموں وکشمیر کلچرل اکیڈیمی کی جُزوی مالی معاونت کا میں شکر گُزار ہوں۔ کتاب کے مواد میں ظاہر کی گئی آراء کے سلسلے میں کلچرل اکیڈیمی پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

فہرست

نمبر شمار		صفحہ نمبر
۱	اپنی بات (ڈاکٹر سیّد شبیبؔ رضوی)	14
۲	پیش گفت (رفیق رازؔ)	18
۳	نفس کا عرفان ہی ہوتا ہے عرفانِ خدا (ڈاکٹر عزیزؔ حاجنی)	23
۴	کرزیہ ماتین چلہ ورن	26
۵	تتہِ کیاہ مول تہ ماجی	27
۶	سورگس بوج ریوش کیاہ موجی	28
۷	آسہ ہا ہے آدمی پھیر یانیے	29
۸	کس پیہ ژنے گن بے غرضیے	30
۹	نفس مودپ بداہ	31
۱۰	فقر چھے دوزخس وُرن ٹھرُو	32
۱۱	تس کالک نیوُل چھ پگاہ پیو	33
۱۲	یُس چھ بیتہِ سے چھ تتی	34
۱۳	تتہِ کیاہ کرو ژھوٹہِ تہ گئے	35
۱۴	زاڈبن منز لال موکھالن	36

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵	زُوکونہ روزاکھ اَدلچہ سنزی	37
۱۶	یتھ دُزی یَس ذات ہاوِتھ کیاہ مہلی	38
۱۷	ملہ چھی مُشیدن اُچھ دزُو	39
۱۸	نصرؒ بابہ ریشی ہے ریشت پالہ پن	40
۱۹	نصرؒ بابہ ریشی اُسی پتم ریشی	41
۲۰	اُزِکی ریشی چھی کالکی ریشی	42
۲۱	کم سناہ تند رِتہ کم سَناہ دُدی	43
۲۲	پانون وقتن سُجداہ دِی زے	44
۲۳	دوہ لوگ دریتہ دانہر پیوم	45
۲۴	یُس یتھ سہ تیتھ پانس	46
۲۵	کنڈِ موماز لگہ ہنڈِس حقس	47
۲۶	گنڈِ پانس مودِم رَندِ	48
۲۷	لولہب دُچھتہ وَچھِ دوزوُ	49
۲۸	پھل ڈیرتز اُوتھ مَل ڈیرُ ہوَم	50
۲۹	دودھ تز اُوتھ آب یُس مندے	51
۳۰	کزودنو مسلمانس پَزے	52
۳۱	نظر کُری زِنہ پردہن زنانن	53
۳۲	دوہے دُچھ زبم حضرت قرآنس	54
۳۳	صاحب ستی یہی مہمانس	55

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۴	تراُوتھ پٕنے لٹہ ماُوانس	56
۴۵	لیس یَم اورَے یوروَسے	57
۴۶	حضرت محمد محق سُنٛد پیورو	58
۴۷	وُذیا ہس آیہٕ باکہٕ باجی	59
۴۸	یہٕ ہے ماٚج کوٚ ردہ اکھ تھکی	60
۴۹	کیٚاہ کرٕ کیٚاہ کرٕ ہَنہٕ ہَنہٕ دَہ گوم	61
۵۰	بَیہٕ چھم تمہٕ سُمہٕ لٹہ ۔کتھ واتے	62
۵۱	لوٚبس تہٕ مُہَس مداہن کارس	63
۵۲	زٕرٕ ری تھپ گیم عُمرٕ سبزارس	64
۵۳	واٚنٛی چھم ہتھ منز بازارس	65
۵۴	ژوٚرمے ژامولالہٕ انبارس	66
۵۵	دَے مودیٕ موکھے آسی	67
۵۶	نبیٚ صاحبٕن کھمن تہٕ چٕین وُچھتہٕ	68
۵۷	وونٛدس کُلمہٕ چُھے دَے سُنٛد پناہ	69
۵۸	مَلو چھوٚ لگھ تہٕ مَلو چھوٚ لگ	70
۵۹	کُشیرٕ پھیوٚرس اُندی اُندی	71
۶۰	پٕنہٕ گرٕ ہا کھ تہٕ بہتر زانو	72
۶۱	اَنٛرٕ تھ سیٚنٛدہ تھکی آغور	73
۶۲	آدَنہٕ ترگ رٛمن چُھے مور	74

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۳	بارنی آے اکہ کزی	75
۵۴	تکہ یے تہ بچھ بُزن وزے	76
۵۵	کاوکھنیہ گوج کان ستس	77
۵۶	علم پُرتھ زونکھ اُس گیہ وتھی	78
۵۷	زبُن کو رنم کیاہ تام وعدہ	79
۵۸	میٹھ تہ مو درِ انتھ ہابرن	80
۵۹	نصرتو" پوشکھ نہ شیطاں موکھس	81
۶۰	کوکُر بانگ دِیَم پُتے پنارے	82
۶۱	مُسلو موکر کلے	83
۶۲	ژندُن ژٹھ ارخل وودَ کھ	84
۶۳	کونگئے خامس لادک داغ گوم	85
۶۴	کام، کرودھ، لوٗب تہ موہی	86
۶۵	پَرزنمن کندِ کرَ کھ نالہ مُتی	87
۶۶	کیاہ کرِ سوشتس کیاہ کرِ ہردس	88
۶۷	نصرؔ بابہ ژبوز گورِ ہندی وژن	89
۶۸	کھنڈ تہ نابد، بنیہ فلکہ وَتے	90
۶۹	نادر وقتن فرشتہ وَسن	91
۷۰	پھول ہے وودَ کھ داہ پھلی بَوے	92
۷۱	زانم نہ راز پُرش چھ انی	93

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷۲	کونگم خلس بنگہٕ کُمڈویو	94
۷۳	مارس ماریم، تارس تاریم	95
۷۴	زٕبٹھس فرضس کرعمل تےٚ	96
۷۵	آدن سونٹھ چُھے، ژین اَول تےٚ	97
۷۶	آکہٕ فال غُسلِ طہارت کرنہٕ	98
۷۷	نیزمی رستمن رکوٗعس وَس تےٚ	99
۷۸	دَمہٕ دَمہٕ ہم بہٕ شکسدارس تےٚ	100
۷۹	اوّل راٗ ژینیلہٕ لحد ہاونس تےٚ	101
۸۰	رسہٕ رسہٕ عُمر گےٚ یی خاکس تےٚ	102
۸۱	موماز الہٕ ڈبہٕ، روبہٕ خانس تےٚ	103
۸۲	آدم غافِلو ژین پانس تےٚ	104
۸۳	مُقدمہٕ شفیع اَن سرکارسؐ تےٚ	105
۸۴	سرکارؐ کراجلکو پیادٕ پنس تےٚ	106
۸۵	پُٹھ پھلس رَے کرنس تےٚ	107
۸۶	پوت جبن باگےٚ کرناونس تےٚ	108
۸۷	آنگنہٕ نادچھو کران ہوٗنی	109
۸۸	قبر دوران یورکیتہٕ منے اَنی	110
۸۹	تتہٕ یتیلہٕ دفترس ہبن واتوٗنی	111
۹۰	کیاہ کرِ کاتہٕ دَنڈ رؤستی ڈوٗنس	112

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹۱	پاپ ستہ پُنن یِنلہ ہِنن تولہ نے	113
۹۲	کیاہ کرِ وو دُرٹھوٗلس	114
۹۳	تَمہِ دوہ کنڈ فولاد س ترٕن	115
۹۴	اُکس برتل سازن چھُ گوان	116
۹۵	اُکس ہتہ بوٗ دخارُ چھُ کچھمن	117
۹۶	اُکس دِتن گوٗ بر دندوٗے	118
۹۷	اکھاہ بٹھمن پاٗ یہ چھُ ژھانڈان	119
۹۸	اکھاڈیو ٹھُم ہتھ تختس	120
۹۹	اوٗ ناہ پالکھ اور دِتھ نکھ تس	121
۱۰۰	چھِ پاٗ زس آپران کو ہ کر تچھان	122
۱۰۱	حضرت بابہِ آدم مولوٗ	123
۱۰۲	صاحِبہِ مہر ہے کرکھ پوش زن پھولہ نم	124
۱۰۳	عاشقن تر یش تہ بوٗ چھِ نوآسی	125
۱۰۴	رزتہ گز ہتھ بُتلہِ نَیم	126
۱۰۵	ہاپانہِ تیمہِ دوہ دوزخ تاون	127
۱۰۶	تَمہِ نارِ سوٗر گوٗھ کو ہن تہ بالن	128
۱۰۷	زاڈے سُم سنیاے طور گس میاٗ نس	129
۱۰۸	کیاہ کرِ مس ڈبکہِ لاٗ نس	130
۱۰۹	کالس کنڈِ زاس یتھ کالہِ جگس	131

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۱۰	مُہتھ مارِتھ دِژوم ہوٗنس	132
۱۱۱	ہنگہٕ وسہٕ زٕرٕرنگہٕ شوٗبہٕ وٗنس	133
۱۱۲	مرگ چھے بہہ تے کوتو ژٕلی زے	134
۱۱۳	کیاہ کٔرٕی زِ مرنس مرنہٕ ئمن وکانن	135
۱۱۴	پاٗرٕی پاٗرٕی لگی زِتس پیغمبرس	136
۱۱۵	نفسی من مٕہٕ روای	137
۱۱۶	زٕہٕ کنٕد رٕو چھمکھ درٕد سون زن	138
۱۱۷	کھمبہٕ کھمبہٕ کران یٕدٕنو آیی	139
۱۱۸	سوٗنتہٕ یم جکھن تہٕ لاگئے کرن	140
۱۱۹	غریبی چھے خاص الخاصاہ	141
۱۲۰	سے ژالہٕ ئنٕد تیمی وٗ وٗ وٗنو لے	142
۱۲۱	یہٕ وٗ دَ کھ سوٗنتہٕ لونکھ ہرٕدے	143
۱۲۲	کاٗکی بٹھِ تہٕ نم نالہٕ متہٕ ہنم	144
۱۲۳	پرٕ وٗنہٕ وژھاس چیرٕ وٗنہٕ ناوے	145
۱۲۴	دوٗہس گٹزرٕم نفلہٕ ہتھاہ	146
۱۲۵	زٕبتھ کیاہ کوٗرٕم سیاہ روے	147
۱۲۶	آس تہٕ سینٕ وٗے گوٗھ تہٕ سینٕ وٗے	148
۱۲۷	پانس مول یٔس کرٕنہٕ ہارے	149
۱۲۸	لگہٕ نہٕ کنہٕ پل بدل کعبس	150

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۹	نُندٕ یُو بیٚنٛد بن ہنٛز کامہٕ تر آوی تو	151
۱۳۰	قرآن پران رکتھ بے غم رؤد کھ	152
۱۳۱	کن تھاوحد پٹس بنیہٕ پنج سؤرن	153
۱۳۲	ٹُخ سین مول گس کرِ روپہٕ ہنٛز ورَن	154
۱۳۳	اکھ نے مرِ ہاتہٕ اکھ نے زنیہٕ ہا	155
۱۳۴	سوند رِنے کامہٕ دیٚون چاو گوم	156
۱۳۵	آے تہٕ بیٚوُنے گوٚھو تہٕ بیٚوُنے	157
۱۳۶	رؤد میٚٹھ پھلس تہٕ جہتس	158
۱۳۷	سوکھس مول چھے چنن تہٕ کھنین	159
۱۳۸	بزمیوس تہٕ نمیوس نہٕ پنٛشٕ نس	160
۱۳۹	نیٚمہٕ دوہہٕ صاحب تُوری دوزخ	161
۱۴۰	ذِکرِ ستی رُتن مالے	162
۱۴۱	بُڈی بُڈی کُنڈی وَن کِکر مؤرن	163
۱۴۲	ظاٗہر سرائے بیٚوٹھ گھ دُکانس	164
۱۴۳	نصرٕ بہٕ کیناہ ونے ژٕ کیناہ بوزکھ	165
۱۴۴	نصرؒ بابہٕ زُوچھے شمع زن تارس	166
۱۴۵	جاے چاؤنی چھے گورِ بل تے	167
۱۴۶	اپٕس وُنی یٚس موبر یٚوٗھ تے	168
۱۴۷	امراہ کُری تو بے نماز بن	169

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۸	تراُوتھ تنم لدمأ دانس	170
۱۴۹	خبرژنے تھونے نہ رُحس	171
۱۵۰	دارس دہ دُرژام ژندِ نہ نس	172
۱۵۱	سونس تہ سرتلہ اَگے زَلن	173
۱۵۲	توش بند نماز بیہ رمضان	174
۱۵۳	دِل چھے گاڈتہ ہو کھ موتھاؤن	175
۱۵۴	سزانا کُرکے زِ یتھ نہ کوٗنوٗ ھڈیشی	176
۱۵۵	یم پرس وہ پہ کارکرن تو	177
۱۵۶	پران پران زبوتال پھُنج دو	178
۱۵۷	پران پران تہ پرگے	179
۱۵۸	توبہ بوٗ دکر کھ پوٗ سر ترکھ	180
۱۵۹	یتھ واہ ہالے ژونگ کس زالے	181
۱۶۰	دلندس پھل گاسہ پال نس	182
۱۶۱	موکا نچھ شُرکے مُرکے تہ گبر	183
۱۶۲	زُومیانے گُلہ انارے	184
۱۶۳	پزنِس بدنس مَلن داغ گوم	185
۱۶۴	نصرؓ بابہ جنگل کھسن گیم حامی	186
۱۶۵	یخ ثلہ کثر تہ شہن	187
۱۶۶	واووگزاہ میانہ نتہ حضرتؐ	188

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۶۷	نفس منیون ہوس تے	189
۱۶۸	نفس پتہ لگن چھے اُچھ منز سرُن	190
۱۶۹	ووتھان کوٹھمن اتھ دِوان	191
۱۷۰	سزُ ذ گی اوُنم تہ دزذ گی گُنم	192
۱۷۱	علم پُرتھ زونکھ اُسی گیہ وتھی	193
۱۷۲	کلہ تزاُوتھ آس مالہ بند	194
۱۷۳	فقرس پٹھ یُس روُدے درَو	195
۱۷۴	مُڈ کنڈ بو اَژ کھ چلس	196
۱۷۵	زرُ رژام ہنگری	197
۱۷۶	کھورِ رذسئے جہاز تورُم	198
۱۷۷	اسلامی کامن دوہ دہن برسہ	199
۱۷۹	صاحب دوہہ اکہ دورا کرے	200
۱۸۰	نفس دِتکھ اورَے مینتھ	201
۱۸۱	دوہے سون تہ روپھے زیوُنم	202
۱۸۲	ژرِس زرژام ہنگرے	203
۱۸۳	الحمد قل ھو اللہ التحیاتو	204
۱۸۴	آدنہ کُرتھ پاپن کرشی	205
۱۸۵	نفسی کڈس اُٹی اُٹی	206
۱۸۶	پوزد پان پن زن نکھ	207

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۷	کیژون قبر چھے پوش زن شیرے	208
۱۸۸	کنڈ بو کوزتھ سوئے منوئے	209
۱۸۹	نفس چھے ہکھر کنڈن آلس تے	210
۱۹۰	لوٗبس تہٕ مُہس دِتھ رضا	211
۱۹۱	تلہٕ چھے زِیٚس تہٕ پٹھ چھکھ نژان	212
۱۹۲	ہارس ہنٛدر ریٚم یا متھ پوہ گوم	213
۱۹۳	پانہٕ منیا نے پونم ژٛندرو	214
۱۹۴	نفس چھے ونگ آ گہٕ زوٗلے	215
۱۹۵	نفسی موٗرس واے	216
۱۹۶	لعلچ قدر ڈنگل زانے	217
۱۹۷	سہ چھنہٕ ڈ چھان قیلس تہٕ قالس	218
۱۹۸	کل اَے برکھ کل ہے وٗزی	219
۱۹۹	قرآن پران کونو موٗ دُکھ	220
۲۰۰	عگما پوٗ رود پھ کے ہوسے	221
۲۰۱	دَمی ڈیٚنٹھم ندوَ ہہ وٚنی	222
۲۰۲	صبح پھول تے رات گیہٕ آدا	223
۲۰۳	نہٕ روزِ وَندہٕ تہٕ نہٕ رہتہٕ کولے	224
۲۰۴	کیژون دِتھ تورے آلو	225

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اپنی بات

چند برس پہلے کی بات ہے.....ڈاکٹر عزیز حاجنی نے ایک نجی نشست میں اظہارِ خیال کیا کہ شیخ العالم حضرت نورالدین نورانی رحمتہ اللہ علیہ کے عرفانی کلام سے کشمیر کے باہر بھی عوام وخواص کو مستفید ہونا چاہیے۔اس مقصد کے لئے ان کے کلام کا منظوم اردو ترجمہ کرا کے ساز وآواز کے ساتھ پیش کیا جائے تو یہ وسیلہ عرفان وآگہی کے اِن شہ پاروں کو روشناس کرانے میں کافی موثر اور کارآمد ہوسکتا ہے۔ چنانچہ انھوں نے ایک ملاقات میں پروفیسر سید رضا موسوی، محترمہ رخسانہ جبین اور مجھے گیارہ گیارہ شُرُک (قطعات) دے کر منظوم اردو ترجمہ کرنے کی فرمائش کی اور عجلت کے لئے اصرار بھی کیا۔ میرے پاس سردست مرحوم قاری سیف الدین کا نثری ترجمہ موجود تھا جس میں تشریح وتعبیر کی اتنی فراوانی تھی کہ بعض جگہ ترجمہ سمجھنے میں کافی دشواری ہوئی لیکن فراواں تشریح وتعبیر کا فائدہ یہ ملا کہ کلامِ شیخؒ کے معنوی مطالب تک پہنچنے میں آسانیاں فراہم ہوئیں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

میں نے ہفتہ بھر میں گیارہ مختلف البحر شُرک کا منظوم اردو ترجمہ بحرِ رمل مثمن محذوف میں کر کے ڈاکٹر عزیز حاجنی کے حوالے کر دیا۔ انھوں نے مزید گیارہ قطعات کی فرمائش کر دی۔ میں اُس زمانے میں ایک فارسی کتاب کے ترجمے اور اصلاح سے فراغت کے بعد تقریباً کُل وقتی شاعر تھا اِس لیے دوسری فرمائش پہلی فرمائش سے کم وقت میں پوری کر دینے کے بعد سوچنے لگا کہ شاید تیسری فرمائش بھی آجائے تو کیوں نہ ''قاصد کے آتے آتے خط اک اور لکھ رکھوں'' میں اپنی پسند کے کشمیری شُرک کو اردو نظم کا جامہ پہناتا رہا، تیسری فرمائش تو نہیں آئی مگر ڈھائی تین مہینوں میں دوسو کے آس پاس اردو قطعات فائل میں جمع ہو گئے۔ جن میں سے چند قطعات ریڈیو کشمیر سے شیخ العالمؒ کے سلسلے میں نشر ہونے والے ایک پروگرام میں سنانے کا موقع ملا۔

کچھ دنوں بعد کلامِ شیخ العالمؒ کے بعض ماہرین سے رابطہ ہوا تو انھوں نے کسی قدر سرزنش کے انداز میں چونکایا کہ انتخابِ کلام میں احتیاط لازم ہے کیونکہ بہت سا الحاقی کلام بھی اُن کے نام سے چھپ گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ اب میں مستند اور غیر مُستند کے بھنور میں پھنس گیا اور ساحل نشینوں سے فریاد کے باجود زبانی وعدووعید کے سوا کسی قسم کی کمک نہ ملی۔ اس طرح مزید ترجمہ نظم کرنے کا کام رُک گیا اور ایسا رُکا کہ پھر آگے نہ بڑھا۔ البتہ کئی مہینے کے بعد ایک فرم کے کلنڈر کے لیے چند قطعات کا ترجمہ نظم کرنے کی سعی کامیاب ہو سکی اور دوسرے سال بھی اس عمل کا اعادہ ہُوا۔ پھر کافی وقت گزر گیا تو بس اتنے ہی پر اکتفا کرتے ہوئے طباعت کی فکر ہوئی لیکن اس کے ساتھ یہ احتیاط بھی دامن گیر ہوئی کہ طباعت سے پہلے اُن دوستوں سے بھی مشورہ کر لیا جائے جو کشمیری اور اُردو شعروادب میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یکساں مہارت رکھتے ہوں۔ چنانچہ عزیزم پروفیسر سید رضا موسوی[1] کو دیرینہ گہرے روابط کی بناء پر بلا تکلف پچاس قطعات کی پہلی قسط دے دی مگر وہ اپنی جان لیوا نامعلوم بیماری کے ابتدائی اثرات سے پریشان تھے، اِدھر دھیان نہ دے سکے۔ اُن سے اصرار غیر مناسب سمجھتے ہوئے میں نے جناب رفیق راز سے رابطہ کیا جنھوں نے دِقّتِ نظر کے ساتھ متن اور منظوم ترجمے کی مقابلہ خوانی کی اور کئی مقامات پر کمی وکوتاہی اور عجزِ اظہار کی نشاندہی کی۔ میں نے ان مقامات کو دوبارہ نظم سے آراستہ کیا اور طباعت کے مقدمات میں لگ گیا۔ اس دوران مسودے کو جناب غلام نبی خیال کے اخلاصِ محبت نے قومی اُردو کونسل تک پہنچایا مگر..... بات نہیں بنی۔ آخر میں مسودہ ریاستی کلچرل اکیڈیمی کے حوالے کیا لیکن وہاں کشمیر کے بھیانک تاریخی سیلاب نے سب کچھ تباہ کر دیا جس کے سبب کئی ماہ بعد مسودے کا ثانی داخل کرنا پڑا۔ تب اعانت نامے کا حصول ممکن ہو سکا۔ مگر اس کے بعد بھی اپنی تساہلی اور بعض ناموافق حالات نے یکسوئی اور اطمینان سے بے نیاز رکھا۔ خدا کا شکر ہے کہ اب اس پیشکش کی توفیق ملی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اِس توفیق کا حصول ووصول مخلص احباب وولدادگان کی دعاؤں کا ثمرہ ہے اور ان کی توجہ دہانیوں کا نتیجہ بھی جنھوں نے بار بار اِس کتاب کی اشاعت کا تقاضا کر کے مجھے مجبوری سے مختاری تک آنے کے لیے آمادہ کیا۔

میں ممنون ہوں جناب رفیق راز اور ڈاکٹر عزیز حاجنی کا جنھوں نے میری اس کاوش پر خوشنودی کا اظہار کرتے ہوئے حوصلہ افزا تعریفی اور تعارفی کلمات سے مجھے عزت بخشی۔

---

[1] متوفی ۳ ستمبر ۲۰۱۴ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

لایقِ تشکر ہیں عزیزم جمیل انصاری، جنھوں نے کمپیوٹر کتابت اور طباعت واشاعت میں دلچسپی لے کر مجھے اِس کبرسنی میں بہت سی مشقتوں اور الجھنوں سے بچالیا۔

میں قارئین کا بھی شکر گزار رہوں گا کہ میری اس مخلصانہ پیشکش میں حد درجہ احتیاط کے باوجود اگر کوئی سہورہ گیا ہوتو صرفِ نظر کرتے ہوئے مجھے ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی تلافی کردی جائے۔

اہلِ معرفت کے نام انتساب کے ساتھ

احقر

ڈاکٹر سیّد شبیب رضوی

اندرون کاٹھی دروازہ
رعناواری، سرینگر

۱۵ر مئی ۲۰۱۷ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پیش گفت

کسی ایک زبان کی شعری تخلیقات کا ترجمہ دوسری زبان میں کرنا اگرچہ ناممکن نہیں لیکن مشکل ضرور ہے۔ شاعری کئی طرح کی ہوتی ہے۔ ایک وہ جو صرف اپنی خوبیوں اور اندازِ بیان کی وجہ سے پسند کی جاتی ہے۔ ایسی شاعری میں یہ نہیں دیکھا جاتا ہے کہ کیا کہا گیا ہے بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ کس طرح کہا گیا ہے۔ اس طرح کی شاعری میں موضوعات کی اہمیت زیادہ نہیں ہوتی۔ دوسری طرح کی شاعری میں اندازِ بیاں کے ساتھ ساتھ موضوعات بھی خاصے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ حضرت نورالدین نورانی (جو شیخ العالمؒ کے لقب سے مشہور ہیں) نے بھی کچھ شاعری کی ہے جو دوسری قسم سے تعلق رکھتی ہے۔

شیخ العالمؒ چودھویں صدی کے ایک عظیم کشمیری شاعر تھے۔ ان کی شاعری سات صدیاں گزرنے کے باوجود آج بھی کشمیریوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ یہ شاعری نہ صرف اپنے صوفیانہ، فلسفیانہ اور قرآنی موضوعات کی وجہ سے اعلیٰ پایہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کی شاعری ہے بلکہ اندازِ بیاں کی وجہ سے بھی ناقدان فن شعر کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

شیخ العالمؒ نے جس صنف کو منتخب کیا ہے۔ اس کو کشمیری میں ''شُرک'' کہتے ہیں۔ یہ چار مصارع پر مشتمل ہوتی ہے۔ گویا یہ فارسی کی رباعی سے مماثل ہے۔ جس طرح رباعی کو عالمانہ اور فلسفیانہ خیالات کے اظہار کے لیے موزوں و مناسب صِنفِ سخن قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح شرک جیسی صِنفِ سخن بھی صوفیانہ اور عالمانہ خیالات کے اظہار کے لیے موزوں اور مُناسب ہے۔

''شُرک'' کے معنی گرہ کے ہیں۔ بعض ماہر لسانیات اسے ''شلوک'' کا بگڑا روپ یا اس کا مُخفف سمجھتے ہیں۔ جہاں تک شیخ العالمؒ کی شاعری کا تعلق ہے تو ایک طرف سے یہ قرآنی افکار سے لبریز ہے اور دوسری طرف اس کا لہجہ اور تیور قاری کو ایک عجیب روحانی مسرّت اور حیرت سے دوچار کرتا ہے۔ کشمیریوں نے اس شاعری کو حرزِ جاں بنا کے رکھا ہے۔ اس شاعری کی عظمت کا اندازہ اِسی بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کشمیری لوگ پچھلی سات صدیوں سے اِسے کشمیری قرآن کہتے آئے ہیں اور آج بھی اسے اسی نام سے جانتے ہیں۔

شیخ العالمؒ نے جو زبان برتی ہے اس میں سنسکرت الفاظ کی بھرمار ہے۔ یہ زبان اس زمانے کے مزاج اور مذاق سے مطابقت رکھتی ہے جس زمانے کے شیخ العالمؒ تھے۔ یہ زبان آج کی کشمیری زبان سے مختلف لگتی ہے۔ پچھلی سات صدیوں میں لاتعداد عربی اور فارسی الفاظ، کشمیری زبان میں داخل ہوگئے ہیں کہ اب یہ زبان شیخ العالمؒ کی زبان سے بہت مختلف لگتی ہے۔ پھر بھی شیخ العالمؒ کی شاعری آج کے قاری کی، نہ صرف سمجھ میں آتی ہے بلکہ اسے لطف وانبساط سے

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دوچار بھی کرتی ہے۔ یہ اس شاعری کا اعجاز ہے۔

ڈاکٹر سید شبیب رضوی نے تقریباً ۲۰۰ رشُرک کا اُردو منظوم ترجمہ کیا ہے جو کتابی صورت میں اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

شبیب رضوی اُردو کے بہت عمدہ شاعر ہیں۔ اُن کے کئی مجموعے زیورِ طبع سے آراستہ ہوئے ہیں لیکن جتنا زیادہ انھوں نے لکھ رکھا ہے اس کے پیشِ نظر کہہ سکتے ہیں کہ ان کے بہت زیادہ مجموعے ابھی شایع نہیں ہوئے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق انھوں نے پچھلے پچاس ساٹھ برسوں میں تقریباً ۴۵ ر ہزار اشعار لکھے ہیں۔ شبیب رضوی نے ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ ان کے پاس نظم وغزل کے علاوہ نوحوں، سلاموں، نعوت اور رباعیات کا ایک ذخیرہ ہے جو ابھی اشاعت پذیر نہیں ہوا ہے۔ اس کے علاوہ انھوں نے اساتذہ کی منتخب تخلیقات پر نہایت پُر اثر تضمینیں بھی لکھی ہیں۔ غرض اُردو شعری روایت سے وہ باخبر ہی نہیں بلکہ اس سے انھوں نے کافی تخلیقی فائدہ بھی اٹھایا۔

شاعری کے ترجمے کے بارے میں بیشتر دانشوروں کی رائے ہے کہ یہ ناممکن ہے یعنی شاعری کا ترجمہ صحیح اور مکمل طور پر نہیں ہوسکتا کہ اس کا ایک جداگانہ لسانی عمل ہے۔ ایک دانشور نے تو شاعری کی اس طرح تعریف کی کہ جو چیز ترجمے میں کھو جاتی ہے یا رہ جاتی ہے وہی شاعری ہے۔ یہ بات کسی حد تک درست بھی لگتی ہے۔ لیکن شبیب رضوی کا منظوم ترجمہ پڑھ کر یہ احساس ہی نہیں ہوتا کہ کوئی چیز گم ہوگئی ہے یا رہ گئی ہے۔

شبیب رضوی نے کلامِ شیخ العالمؑ کا لفظی ترجمہ نہیں کیا ہے یعنی انھوں نے مکھی پر مکھی نہیں ماری ہے بلکہ شیخ العالمؑ کے آہنگ، لہجے اور بیان کے تیور کو

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زیادہ سے زیادہ ملحوظِ نظر رکھا ہے۔ انھوں نے کلامِ شیخ کا پہلے گہرائی سے مطالعہ کیا ہے۔ چونکہ کلامِ شیخ کے موضوعات قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں اور شبیب رضوی کو انہیں سمجھنے میں کوئی دشواری اس لیے نہیں ہوئی کہ وہ خود عربی اور فارسی زبان وادب کی اچھی واقفیت رکھتے ہیں۔

شبیب رضوی نے نہ صرف کلامِ شیخ کے افکار کو اُردو میں ڈھالا ہے بلکہ ترجمے کو حتی المقدور فنی محاسن سے مالامال کیا ہے۔ شبیب رضوی کا یہ منظوم ترجمہ کئی فنی خوبیوں کا حامل ہے اور غالباً کلامِ شیخ کا پہلا طویل منظوم ترجمہ بھی یہی ہے۔ میری نظر سے کلامِ شیخ کا کوئی ایسا منظوم ترجمہ آج تک نہیں گزرا ہے البتہ کلامِ شیخ کے کئی نثری ترجمے کتابی صورت میں دستیاب ہیں جن سے شبیب رضوی نے ضرور استفادہ کیا ہوگا۔

یہ سچ ہے کہ ترجمہ نگار کو دونوں زبانوں کی واقفیت ہونی چاہیے کیونکہ ترجمہ دو ثقافتوں کے درمیان ایک پُل کی طرح ہوتا ہے۔ شبیب رضوی کشمیری ثقافت اور اُردو ثقافت کو اچھی طرح سمجھتے ہیں کیونکہ کشمیری ثقافت اُردو ثقافت سے کوئی زیادہ مختلف بھی نہیں ہے۔ اس لیے شبیب رضوی کو یہ منظوم ترجمہ کرنے میں زیادہ دشواری نہیں ہوئی۔ ترجمے میں دشواری اُس وقت آتی ہے جب ترجمہ نگار کو محسوس ہوتا ہے کہ اسے اس زبان پر مکمل گرفت نہیں جس زبان میں وہ ترجمہ کر رہا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس شبیب رضوی نے ترجمہ اُردو میں اس مہارت اور روانی کے ساتھ کیا ہے کہ احساس ہی نہیں ہوتا کہ یہ اردو کی اصل تخلیقات نہیں بلکہ کشمیری شاعری کا ترجمہ ہے۔

میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ کلامِ حضرت شیخ العالمؒ سے متعلق

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مختلف زبانوں کے ادبیاتی ذخیرہ میں شامل ہونے کے لیے اُردو کی طرف سے ''آبشارِ نُور'' ایک منفرد، اہم اور بیش بہا پیش کش ہے جسے عرفانی ادب کے دلدادہ اور شعر و سخن کے پارکھ اہلِ نظر فراموش نہیں کریں گے بلکہ اعترافِ حقیقت کرتے ہوئے صدقِ دِل سے خیر مقدم کریں گے۔

رفیق رازؔ

۱۰ر جولائی ۲۰۱۵ء

نیو ایر پورٹ روڈ باغات برزلہ
سرینگر

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس کا عرفان ہی ہوتا ہے عرفانِ خدا

سرزمینِ جنت نشان یعنی کشمیر صدیوں سے مختلف تہذیبوں، تحریکوں، تمدنوں اور مذاہب کا گہوارہ رہ چکی ہے۔ علمدارِ کشمیر حضرت شیخ نورالدین ولیؒ ہماری تہذیبی فکر و عمل کے امام ہیں۔ اُن کی انسان دوست روایات اور انسانیت نوازی ہماری تہذیبی روایات کی بنیاد ہے۔ اُن کے فن کو سمجھنا اور اُن کے پیغام کو عام کرنا وقت کا اہم ترین تقاضا ہے کیونکہ قریب چھ سو سال کا زمانہ گزرنے کے بعد بھی وہ ہمارے دِلوں میں زندہ و پائندہ ہیں۔ اُن کا عارفانہ کلام اور لاہوتی اشعار وہ منبع و مصدر ہیں جن سے اَن گنت تشنگانِ علم و ادب سیراب ہوئے ہیں۔ ساتھ ہی کشمیری زبان اور شاعری کا ہر دور اس سے متاثر اور مرعوب نظر آتا ہے۔

حضرت شیخ نورالدینؒ کشمیر کی تاریخ کے نِگارخانے کی ایک ایسی دلنواز شخصیت ہیں جنھوں نے اپنی درخشندہ زندگی اور دلآویز تاریخ ساز عمل سے کشمیری تہذیب و ثقافت کو چشمۂ آبِ حیات بنادیا۔ ایسی دلآویز قد آور شخصیت اُفق تا اُفق تمام عالمِ انسانیت کی میراث ہے جس کے توسّل سے کوئی بھی قوم ماضی کی روشنی میں حال کی شبِ تاریک کو سحر کرسکتی ہے۔

حُسنِ اتفاق دیکھئے کہ زبانوں کی نشوونما بزرگ ہستیوں کی عارفانہ تخلیقی قوتوں سے ہوئی۔ ہمارے پاس کشمیری زبان میں اپنے اسلاف کے ابتدائی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کارناموں کی یادگار صرف للہ واکھ اور شیخ شُرکی ہیں۔ اُن کا کلام کسوٹی پر پرکھا جائے تو یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اُن کا عارفانہ کلام مُبلغانہ اور عارفانہ ہونے کے باوجود خدا پرستی، تزکیۂ نفس اور حقیقت نگاری کا آئینہ دار ہے۔

حضرت شیخ العالمؒ کے کلام کو قرآنِ کریم کا کشمیری روپ کہا جاتا ہے۔ جو بذاتِ خود اس کلام کے تقدس کا ضامن ہے اور یہ ہمارا بہت بڑا تہذیبی وِرثہ ہے جو صدیوں سے ہماری راہیں روشن کر رہا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اس حیات بخش پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے۔ خوش قسمتی سے حضرت شیخ العالمؒ کے کلام کے کئی منظوم تراجم منظرِ عام پر آچکے ہیں، جن کو ہاتھوں ہاتھ لیا جاچکا ہے۔ اُن کی افادیت اپنی جگہ لیکن جب سید شبیب رضوی جیسی ذی علم شخصیت ''آبشارِ نُور'' لیکر آجائے تو اِسے علمی اور ادبی حلقوں کے لیے مژدۂ جانفزا کا نام ہی دیا جاسکتا ہے۔

سید شبیب رضوی گزشتہ نصف صدی سے زائد عرصے سے علم وادب کی خدمت کے لیے وقف ہیں۔ اُن کا اپنا مخصوص اسلوب ہے اور اُن کے کلام کے فنی محاسن کا تجزیہ ایک الگ کتاب کا تقاضا کرتا ہے۔ کلامِ شیخ العالمؒ کے تقریباً سبھی اردو تراجم میری نظروں سے گزر چکے ہیں اور میرا ماننا ہے کہ زیرِ نظر ترجمے کی سلاست، روانی اور فکر وفن کی پختگی اِس میں ایک نئے باب کا اضافہ کرتی ہے:

فقر چُھے دوزخس ڈُرن ٹھرو
فقر چُھے انبیاہن ہُنڈے خوے
فقر چُھے الگ تہٕ پلک ژرو
فقر چُھے مُشک تہٕ بنیہٕ خوشبوے

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آتشِ دوزخ سے بچنے کا وسیلہ فقر ہے
انبیاء کی نیک فطرت کا طریقہ فقر ہے
فقر سے دُنیا و عقبیٰ ہوتے ہیں بالیدہ تر
مُشک و خوشبو کا مہکتا ایک جھونکا فقر ہے

ایسی بہت سی مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں لیکن اِسے قارئین کی صوابدید پر چھوڑنا زیادہ مناسب ہے البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ''آبشارِ نُور'' حضرت شیخ العالمؒ کے کلامِ عرفان کو اور زیادہ عام کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوگا۔ میں اس کامیاب منظوم ترجمے کے لیے سید شبیب رضوی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں:

عُشقُن دود یَس وأنجہِ سَزے
سُے اِد واتے لامکان

ڈاکٹر عزیز حاجنی
پادشاہی باغ، سرینگر

۴/اکتوبر ۲۰۱۵ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کرٕیہِ ماتبن چلہٕ ورن
یم گنڈن نفس دَنڈِی
زہر کھبتھ تمے ہا درن
یم اوہر کرن ہاکس تہٕ ہَندِی

بس ریاضت کیش اور چلّہ نشیں ہوں گے وہی
جو نہ بڑھنے دیں ہوائے نفس کو حد سے کبھی
زہر کھا کر بھی وہی باقی رہیں گے دہر میں
جو ہیں کھا کھا کر پلے ہاکھ[1] اور برگِ کاسنی

☆

[1] ایک خوش مزہ کشمیری ساگ جو سال بھر ہر اَمیر و غریب کے دستر خوان کی زینت بنا رہتا ہے۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تتہِ کیاہ مول تہٕ مأجی
یٚتہِ روزُن کدأجی پٚنے
دَیہِ کاستم شِرکچہِ زأجی
آزرِ میٚنگ باجُت ستی توت یٚنے

اُس جگہ ماں باپ کیسے کام آئیں گے بھلا
جس جگہ سب کو اکیلے ہی میں رہنا ہے سدا
شِرک کے جالوں کو یارب میری آنکھوں سے ہٹا
جس جگہ کوئی نہیں اپنے عمل کے ما سوا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سورگس بوج ریٚوش کیٚاہ موجی
نرگس بأج یم شِرکس پیٚے
تتہِ یأری کرِ سُے مومِن بأجی
یُس پردبن مہم پانس پیٚے

جنتی ساتھی ہیں سارے خوبصورت، پارسا
دوزخی ہیں شرک والے، اور اُن کے ہمنوا
ہاں وہاں پر اہلِ ایماں ہوں گے سب باہم رفیق
جو یہاں اک دوسرے کے غم میں شامل ہیں سدا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آسہٕ ہا ہے آدمی پھیٖر ہا نَیے
سأرِہے عالمس لنہٕ ہا لیہِ کتھ
چُھس نہٕ آدمی گوس ما ضایے
أکہے جایے رُدتھ کتھ

آدمی ہوتا تو بستی اور بن میں گھوم کر
چارسُو عالم میں پہنچا دیتا میں پیغامِ حق
آہ ضایع خود کو بھی کر ڈالا میں نے، اور پھر
روکے رکھّا ایک ہی منزل پہ میں نے نامِ حق

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کُس پیہِ ژنے کُن بے غرضیے
کس آسہِ دِلس تیۄت وُسعت
جنتکہِ ہاوسہِ تہٕ دوزٕخہِ بیَے
دَیہِ چھی کران عبادت

بے غرض ہوکر تری جانب کب آتا ہے کوئی
کون ہے وہ جس میں ہوگی اتنی وسعت قلب کی
اُس کو جنت کا ہے لالچ، اس کو دوزخ کا ہے ڈر
اے خدا سب بندے یوں کرتے ہیں تیری بندگی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس مو دَپ بداہ
نفس ستی سودا چھے
نفس پنُن رنُن حداہ
نفسے پزِ زنتھ خوداہ چھے

مت کہو ہرگز کبھی تم نفس کو اپنے بُرا
نفس ہی ہوتا ہے ضامن کامیاب انجام کا
بس ذرا تم نفس کو اُس کی حدوں میں روک دو
نفس کا عرفان ہی ہوتا ہے عرفانِ خدا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

فقُر چُھے دوزخس وُرن ٹھرُو
فقُر چُھے انبیاہن ہُنڈُے خوے
فقُر چُھے اَلک تہٕ پلک ژَرُو
فقُر چُھے مُشک تہٕ بٕیہٕ خوشبوے

آتشِ دوزخ سے بچنے کا وسیلہ فقر ہے
انبیاء کی نیک فطرت کا طریقہ فقر ہے
فقر سے دُنیا و عقبیٰ ہوتے ہیں بالیدہ تر
مُشک و خوشبو کا مہکتا ایک جھونکا فقر ہے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تس کالک نیٚول چُھ پگاہ پیٚو
سُے گو ترِتھ بٚو سِنٛدے
یہِ کیٚنٛہا خودایِن تہٕ رسولنٕ دٚہُو
تہِ تیمٕ پول تہٕ سُہ ژاو گرینٛدے

نیم پُختہ کل کا، فردا میں ہوا ہے پختہ کار
کامیابی مل گئی، وہ ہوگیا دریا کے پار
پیروی کی جس نے اللہ و نبیؐ کے حُکم کی
کامیابی، سُرخروئی میں اُسی کا ہے شمار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یُس چُھ بیٚتہِ سُے چُھ تَتی
سُے چُھ پرٛتھ جابہِ رٛتھ مکان
سُے چُھ پیٚادِ سُے چُھ رٛتھی
سُے چُھ سورٕے گُپتھ پان

جو یہاں ہے وہ وہاں بھی ہے بہ شانِ کرّ وفر
اور وہی ہر اک جگہ ہر چیز میں ہے جلوہ گر
ہے کبھی وہ پاپیادہ اور کبھی ہے رَتھ سوار
بس وہی سب کچھ ہے، ہاں پوشیدہ و پنہاں مگر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تَتہِ کیٰاہ کرود ژھوٹہِ تہِ گٹے
بیٚتہِ لولہِ وأنج پھٹہِ ہو
خبر رؤس پانو قبر ژٹی نالہِ مَتے
مارن کاٹہہ رٹہِ مو

حال کیا ہوگا جہاں تنگی ہے، تاریکی بھی ہے
سینہ پھٹ جانے کی صورت اور دلریشی بھی ہے
قبر پکڑے گی، دبوچے گی گلے سے بھینچ کر
بے بسی کا وقت ہے وہ، اور تنہائی بھی ہے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زاڈبن منز لال مو کھولَن
زالن منز جانوار بولن مو
سیکہِ شاٹھن یمبرزَلہِ پھولن
کاٹِ وانن موختہِ ہار میلن مو

ہم کبھی بھی جھاڑیوں سے لعل لاسکتے نہیں
جال میں آئے پرندے چھپا سکتے نہیں
ریت میں کھلتے نہیں ہرگز کبھی نرگس کے پھول
اور دُکانِ شیشہ گر سے موتی پاسکتے نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زُو کونہٕ روزاکھ اَدلُچہِ سنزی
یام دوٗدس ہتھرِ کانٛزے گٔے
یَم چھے زاگان پتہٕ گاڈِ ہانٛزے
ژوٗل وانٛگ کرنٛز ترٲوِتھ گٔے

بات یہ، کیوں تو نے پہلے سے نہیں محسوس کی
اب بُڑھاپا ہے، جواں عُمری کی شیرینی گئی
یوں اجل ہے، جیسے مچھلی پر مچھیرے کی نظر
عارضی مسکن سے اب تو روح بھی اُڑ جائے گی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یَتھ دُنی یَہس ذات ہأوِتھ کیاہ مِیلی
گوٚھی خاک أڈی جن یٖلہِ خاک مِیلی
سورِ سَتھ بندس یٖلہِ دون فرشتن کتھ مِیلی
تس پٖیٹھ بڈ رُسوائی یُس پانس تر أوِتھ بٖیٹھ گیلی

ذات پر کیا ناز، مٹّی میں ملیں گی ہڈّیاں
دو فرشتے قبر میں لیں گے حسابِ رفتگاں
آہ اُس کو کچھ سِوا رُسوائی کے حاصل نہیں
بھول کر اپنے کو جو گنتا ہے عیبِ دیگراں

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مَلہٕ چھی مُشیدن اُچھ دُرُو
تِتھ بٹہٕ چھی پوتلبن پتھ
سلسہٕ منٛز اکھا ترُو
نتہٕ سارِنے شیطان کو ہتھ

آج کل مُلّا کا بس مسجد پہ ہے دارومدار
اور پنڈت کا ہے بُت کے واسطے سے روزگار
فی ہزار اک بچ گیا، تو مل گئی اس کو نجات
ورنہ شیطاں کے سبھی ہونے لگے ہیں پیروکار

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرؒ بابہٕ ریٚشی ہےٚ ریٚشت پالہٕ ہن
سنگ گلہٕ ہن کرٕیہٕ ہنٛز آشے
نصر بابہٕ ریٚشی چھِنہٕ ریٚشت پالن
پان چھِ گالان ژکھِ، بُغضہٕ ہستی

نصرؒ بابا! فقر چاہے ہے فقیرانہ نباہ
جس سے ہوسکتا ہے ریزہ ریزہ پتھر، لیکن آہ
یہ فقیر اب حق ادا کرتے نہیں ہیں فقر کا
کررہے ہیں جسم و جاں کو بُغض ونفرت سے تباہ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرؒ بابہٕ ریشۍ اَسۍ پُتم ریشی
نٲلۍ اوسکھ جنٛد تہٕ بنگہٕ پن
منگِتھ اَسۍ انان وِشکہٕ کِشی
تپ اَسۍ پرٛاوان منٛز وَنن

نصرؒ بابا! اصل وہ درویش تھے جو جا چکے
جن کے ملبوسات ارزاں اور پاک و صاف تھے
جو گزارہ کرتے تھے بس جَو کی روٹی پر سدا
خلوتوں کو جو سجاتے تھے خدا کی یاد سے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

أزِکی ریٚشی چھی کاہلکی ریٚشی
یمن کھنبس گُژ غم
تہِ کھبتھ تہِ یمن خودائے مشی
ریٚشی ہےَ یم تہِ ژوٗر کم

آج کا ریشی بشر کے قحط کا انعام ہے
یہ شِکم پرور ہے، کھانا خوب اِس کا کام ہے
کھانا کھاکر بھی نہیں یاد آتا ہے اِس کو خدا
یہ اگر درویش ہے تو چور کس کا نام ہے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کم سَناہ نِندرِ تہٕ کم سَناہ وُدی
کم سناہ نِشہِ بُدی گےٚ
کم سَناہ تہنٛزِ لولِرہ ژُدِی
کم سَناہ یوٚت تِتھ یدِی گےٚ

کون ہیں وہ جو ہمیشہ خوابِ غفلت میں رہے
کون ہیں وہ جو رہے بیدار، چشم و قلب سے
کون ہیں جو آتشِ فرقت میں سُلگا ہی کیے
کون ہیں جو آکے خالی ہاتھ ہی واپس گئے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پانٛون وقتن سُجداہ دِی زے
میٹھی تہٕ مٕدٕرٕی کھیٚرِ زِنہٕ زانہٕ
ماتم ہتھ بیٚتہٕ دوہٕے رٕوٚزے
دُنی پچھ لادن ہیٚرِ زِنہٕ زانہٕ

پنج وقتہ بارگاہِ حق میں سجدہ ریز ہو
تم نمازوں کی حلاوت کیوں بھلا ضایع کرو
رات دن توبہ کرو، نادم گناہوں پر رہو
اور اِس دُنیائے فانی کے نہ تم عاشق بنو

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دوہ لۆگ درِ تہٕ دانبرٕ پیوم
اۆگُن ژھیٚوُم تہٕ بانہٕ نہٕ وأتی
سونٹہٕ یہٕ وۆوُم ہرٕدِ تی لونُم
لونتھ لۆگُم پانس ستۍ

دن گیا کوشش ہوئی چُولھا جلانے کے لیے
آگ دھیمی، ظرف ٹھنڈا تھا پکانے کے لیے
جس نے بویا ہے بہاروں میں خزاں میں کاٹے گا
بس فقط اتنا ہے اپنے کام آنے کے لیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یُس یُتھ سہ تیُتھ پانس
ژیٚنے نادانس روٚدے کیٲہ
امہِ غٲئٛو چھُہہ لگی ایمانس
پانس کھوتہِ بیٲکھ وہندُن خاص

جو بھی جیسا آدمی ہے وہ ہے بس اپنے لیے
کیا ہوا نادان تجھ کو، کیا ہے مطلب اور سے
دوسروں کی غِیبتوں سے تیرا ایماں جائے گا
خود سے بڑھ کر دوسروں کو ہی سمجھنا چاہیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کنڈِ مو ماز لگہٕ ہنڈِس حقس
مُنافِقس لدن بورو
دوزٕخہٕ نارٕ لاگہٕ نس پاکس
اِ ناپاکس پھکھ پیٖہٕ ژوپأرو

دیکھ اب، لوگوں کے جائز حق پہ تو ڈاکہ نہ ڈال
یہ منافق کا ہے بار، اس کا سنبھلنا ہے محال
ایک دن تو آتشِ دوزخ میں جھونکا جائے گا
ہر طرف پھیلے گی بدبُو، غیر ہوگا سب کا حال

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

گنڈِ پانس مو دِم رنڈِ
امہِ صابنہِ صأفی نو پیے
امہِ تسبیح عاصہِ تہِ جنڈِ
امہِ فنڈِ سُہ نو اتھِ پیے

جسم گندہ ہو تو صابن کام آسکتا نہیں
کوئی صابن بھی صفائی دل میں لاسکتا نہیں
یہ عصا، تسبیح، اور گدڑی سبھی بیکار ہیں
ان فریبوں سے تو اُس[1] کی دید پاسکتا نہیں

☆

[1] خدا کی دید

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ابُولہب وُچھتہٕ وَچھِ دوٗرٕو
باپتھر چُھس حبیبُ اللہٕ
قبیلہٕ بوٚڈ اوس قریش دوٗرٕو
ٕکتبن کوٚرُکھ لَعنتہُ اللہ

بولہب تھا سنگدل، جس کا مقدر سیاہ تھا
ہاں مگر اُس کا بھتیجا، جو حبیب اللہ تھا
تھا قریشوں کا قبیلہ قابلِ عزّت مگر
کوئی بدقسمت تھا اُن میں بھی جو لعن اللہ تھا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پھل ڈیر تژاُوتھ مَل ڈیر وُہوٚم
کل بودھ کھنٛم دبن کہیو راُتی
سون، روپھ تژاُوتھ سرتلہِ رِوُم
کرتل پھُڑم تہٕ گُریمس دژاُتی

چھوڑ کر غلّہ، نکمّے ڈھیر کی رغبت ہوئی
عُمر بھر اُس پر تری محنت مشقّت لگ گئی
سونا چاندی چھوڑ کر پیتل کو اپناتا رہا
اور تو نے توڑ کر خنجر، بنالی درانتی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دودھ تژأوِتھ آب یُس منڈے
سُے سمسارس کنڈے زاو
پَر تہٕ پان یُس ہوُے وبنڈے
سُے ہبا سیٚنڈے تُرِتھ دژاو

کوئی ناداں جو بلوئے دودھ کے بدلے میں آب
وہ ہے دُنیا کا یقیناً کم خِرد، خانہ خراب
اور جس نے اپنے بیگانوں کو سمجھا ایک سا
وہ ہے خوش تقدیر، ہوکر پار، ٹھہرا کامیاب

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کرٗود نو مُسلمانس پَزے
کرٗوِے سٔود رأوی پانس
کرٗود نو مسلمانس پَزے
کرٗوِے کرٗیہِ تتہٕ کارن دَزے

کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں
عزت و قیمت بھی گھٹ جاتی ہے اِس میں بالیقین
کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں
ہر عمل کو راکھ کرتا ہے یہ سیلِ آتشیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نظر کُرِی زِنہٕ پرِ وَن زَنانن
تِوٕ الکھ نہٕ پلکھ دَزے
تَوٕ چھِہہ لگی ایمانس
کرٕوو نو مسلمانس پَزے

مت نگاہیں اپنی ڈالو تم سُوئے پردہ نشیں
اِس سے جل جاتی ہے دُنیا اور عقبیٰ بالیقیں
داغدار ایمان ہوتا ہے تکبُّر کے طفیل
کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دوہۂ وُچھ زبم حضرت قرآنس
تو دِلُک دود ہا بلی
تۂ ٹھوٗر لگی شیطانس
کرٕود نو مسلمانس پزے

تم پہ لازم ہے پڑھو ہر روز قرآنِ مُبیں
اِس سے روحانی مرض ہوتا نہیں ہے دِلنشیں
اور پھر مغرور شیطاں بھی نہ آنے پائے گا
کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

صاحب ستۍ یۍ مہمانس
تُہنزِ لولرِ کیٚنٛوھا دَزے
یِ دِکھ تی ستۍ لگی پانس
کرٛود نو مسلمانس پزے

ساتھ مہمانوں کے خود ہوتا ہے ربُّ العالمین
اِس لیے اُن کی حفاظت کرنا ہے کارِ حَسیں
اپنے کام آئے گا جو راہِ خدا میں جائے گا
کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تراوتھ پینے انند مأدانس
ماز اُستخوان منیو تل وزے
حِساب پینے دانس دانس
کرٗوٗد نو مسلمانس پزے

دُور میدانوں میں پھینکا جائے گا تم کو کہیں
ہڈّیاں اور گوشت جل جائیں گے سب زیرِ زمیں
پھر لیا جائے گا تم سے دانے دانے کا حساب
کبر و نخوت تو مسلماں کے لیے زیبا نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یَس یَم اورَے یور وَسے
تس ہےَ عالَم تہِ وَدِ لسہِ مو
یُس ڈاین گزن تل بُتلہِ وَسے
سُہ ہے نبی تہِ آسہِ کھسہِ مو

مرنے والے کے لیے مِل جُل کے اربابِ حزیں
لاکھ روئیں ۔گڑ ۔گڑائیں پھر بھی چھٹکارا نہیں
جاکے گہری قبر میں کوئی نہ واپس آئے گا
وہ نبی بھی اب نہ آئیں گے جو ہیں زیرِ زمیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

حضرت محمدؐ حق سُند پیورو
دَمہٕ دَمہٕ جبریلؑ یار تس
یَمو یٖلہِ سحر گُر یٖنتہِ تورو
ونتہِ بابہِ دُنیاہ سارِ کس

حق تو ہے حضرت محمدؐ خود تھے محبوبِ خدا
اور جبرئیلِ امیں کے دوست بھی تھے بے رِیا
پھر بھی اس دُنیا سے اُن کو ایک دن جانا پڑا
بھائی بولو تم، یہ دُنیا کرتی ہے کس سے وفا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دُنیا ہس آے یہِ بائکِ باجی
سُمتھ کرَو باجی وَٹ
بزوٹھہ کنہِ نیوٗنم مول تہِ ماجی
وُچھتھ کِرٹاہ وأنجہِ گیہِ نِلہِ وَٹ

اِس لیے دُنیا میں بھائی بھائی بن کر آئے تھے
تاکہ ہم سب زندگانی کاٹیں مل کر پیار سے
سامنے سے موت نے ماں باپ کو بھی لے لیا
اب تو جیسے دل ہمارے سخت پتھر ہوگئے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یہِ ہے مأج کوٗر دوہ اکھ تھکی
اَتھے دبن لگی نہگس رٕچھی زِ ژبتھ
یہِ ہے مأج ترٚگ رٕٹی زبن دَگی
أسہِ زِ مرٚگ پٚنن ژبتس ہبتھ

ماں! بدن اِک روز تھک جائے گا فرطِ کار سے
اِس لیے آرام بھی دو آج جتنا ہوسکے
ماں! سدا تھامے رہو منھ زور اسپِ نفس کو
اور منظر یاد رکھو آنے والی موت کے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیاہ کرِ کیاہ کرِ ہَنہِ ہَنہِ دَہ گوم
گوناہ گیَم ژٕرِتھ ٕکتہِ دوبرٕہ
میٹھ تہٕ مدرِہ دِل سِیاہ گوم
دَہ گوم پانس رہ کس کرٕ

کیا کروں میں جب خسارے پر خسارہ ہی ہوا
کیسے اُبھروں میں، گُناہوں سے کہ نیچے ہوں دبا
دِل مرا سادہ تھا لیکن اب سیاہی آگئی
یہ قصور اپنا ہے، پھر کیا دوسروں کو دوں سزا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

بَیہِ چُھم تمہِ سُمہِ انٛد کِتھِ واتے
تیمہِ تٔلی چھِ پکان نارِو کول
ہَنگہِ وَسہِ زرُر کنگ زن سوتےَ
سوٚتِھ پیٚمِ اَکِے زول

کیسے ہوگا پار، وہ باریک پُل، مجھ کو ہے ڈر
جس کے نیچے آگ کی ندّی ہے ایک، محوِ سفر
میں خزاں کی طرح اب افسردہ و پژمردہ ہوں
ایک حملے میں ہوئی ویراں حیات، المختصر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

لۄبس تہٕ مُہَس مَداہن کارس
گُنگم ڈارس وَیم نہٕ پأنٕی
دیٚار ہا سوربم سودا گارس
چھوٚن بازارس کیٚاہ بیٚہہِ وأنٕی

جیسے ہے حرص و تکبّر میں ہلاکت اور زِیاں
ویسے ہی ہے سینچنا پانی سے کِشتِ زعفراں
میں وہ تاجر ہوں کہ جس کا مال و زر ضایع ہوا
اب یہ خالی ہاتھ مفلس کیسے کھولے گا زباں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زَزِ ری تھپ گُیَم عُمرِ سبزارس
یاؤن یارس مُکتی کرِ وأنی
أخر ژمہٕ وو سأری مزارس
نارس وونی کتہٕ سارس پأنی

آئی سبزے پر جوانی کے، بڑھاپے کی خزاں
کب رہی ہے اب جو ہوگی یہ جوانی جاوداں
آخرش ہم سب سمٹ جائیں گے قبرستان میں
آگ، پانی سے بُجھادیں، اب زمانہ وہ کہاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

وأنی چھم ہتھ منز بازارس
دُکاندارس کیاہ سناہ ہٕے
درِ گوم اپارِ رز ژھنٕم تارس
یارس دِزبم انٛد مزارس وٚنی

تاجروں نے کردیا آراستہ بازار کو
پھر بھی کیا ہاتھ آئے گا اِس سے کسی نادار کو
کھینچنے میں ٹوٹی رسی اور کشتی پھنس گئی
اب کہیں تُربت میں ڈھونڈوں جاکے جانی یار کو

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ژۄر مےٚ ژامو لالہٕ انبارس
مونتہٕ نیۄنم بوکہٕ ۔کہو دوژھے
مُہتھ ژۄلُم ووٚنی کتوٚ لاتس
یارس دِزبم اللہ مزارس وٚنی

لُوٹا چوروں نے گُہر اور لعل کے انبار کو
کرکے مفلس لا بٹھایا خاک پر زردار کو
اُس کا پیچھا اب کہاں اور کیسے کیسے میں کروں
اب کہیں تُربت میں ڈھونڈوں جاکے جانی یار کو

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دَے مو دیو موکھے آسی
پھَل مو آسی ارخلبن
سنبن سَرن زیو مو آسی
گبو مو آسی دلندرَن

میرا خالق دیو صورت ہو نہیں سکتا کبھی
بے ثمر پیڑوں سے مِل سکتا نہیں ہے پھل کوئی
گہری جھیلیں بے زباں ہیں شور کرسکتی نہیں
بندروں سے بھی کبھی حاصل نہیں ہوتا ہے گھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نبیٚ صاحِبُن کھبن تہٕ چبن وُچھتہٕ
تٔریہِ تٔریہِ دوٚہٕ کوٚرُکھ اِفطار
کرٕیہِ تہٕ کارُن کوٚر تِمو کِشتہٕ
پایہِ مُبارکن ووتٕگ ضرار

کیسا خورد و نوش تھا، دیکھو سوئے حضرت نبیٚ
کرتے تھے افطار اکثر، تین دِن کے بعد ہی
اور مُسلسل ربِّ یکتا کی عبادت کے سبب
سُوج جاتے تھے (مُقدّس اور) مبارک پاؤں بھی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

وونڈس کُلمہٕ چُھے دَے سُنٛد پَناہ
مےٚ رۄس ڈیوٗنٛٹھمکھ داناہ ہیوٗ
صاحب بَتہٕ لدِہ پانٛے کھیٚناہ
پانہٕ کھوتہٕ بیٚاکھ زان داناہ ہیوٗ

تیرا دِل کلمے سے گویا حق پناہی کا ہے گھر
ورنہ دیکھا جائے تو، ہے تُو درختِ بے ثمر
اے شِکم کے بندے! رازق خود کِھلائے گا تجھے
دوسروں کو جان، اپنے آپ سے ہشیار تر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مَلَو چھوٗلکھ تہٕ مَلَو چھوٗلک
مَلَو ڈیوٗٹھ مے نہٕ عٲمٕک ناو
مَلَو تتہٕ یونہٕ برتَل ڈوٗلک
مَلَو لُزراوُتھ مَلہٕ ناو

صاف رہنے کو نہاتے ہو، مگر مُلّا سُنو
ہو بہت اَن پڑھ کہ ظاہر کی صفائی کرتے ہو
آخرت کی منزلِ اسفل میں پھرنا ہے تمھیں
آہ تم نے کردیا بدنام، اہلِ عِلم کو

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کٲشیرِ پھیوٗرس أندی أندی
کاٗنسہِ کوٗرُم نہٕ بزٕاندے تزٕاو
جنٛدس کُرِم یٕلہِ پیوٗندی
اتھ تہِ دوٗپ ہم فُندی آو

چھان مارا میں نے یہ کشمیر تا دُور و دراز
اور نہ پھیلایا کسی کے سامنے دستِ نیاز
چونکہ میں پہنے ہوئے تھا کُہنہ پیوٗندی لباس
اس لیے مجھ کو کہا لوگوں نے ڈھونگی دھوکے باز

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پننہِ گرِ ہاکھ تہِ بتہِ بہتر زانو
لکہِ گرِ دودِ کی خاصی نو
تیوٚتھ کنہِ کھنبس پزِ اسہِ من نو
مئدر مست کھبتھ یتھ لز گیلنو

اپنے گھر کا ہاکھ چاول جتنا عمدہ ہے، میاں!
دوسروں کے دُودھ کے پیالے میں وہ لذّت کہاں
ایسے کھانوں کی طرف، مائل نہیں ہے دِل مرا
جس کے کھانے پر ملیں لوگوں کی فقرہ بازیاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اَنٛبرِ تھ سینٛدِہ تھکی آغور
حرام خور تتہِ کیٚاہ کھیٚنے
فربیٚہہ زُو گڑھی لاغُر
ژٕے پزٲوِتھ گور چُھیے

تیرے دریا کا جو سرچشمہ ہے وہ تھک جائے گا
مالِ ناجائز کا عادی ہے، وہاں کیا کھائے گا
تیرا فربہ جسم ہوجائے گا لاغر اور نحیف
منتظر جس روز اپنی قبر کو تو پائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آدنہٕ ترگ رٛتن چھے مور
اِد یہٕ گر لاکم پٮ۪ٹھ
دوزخس چھے نارٕن زوٗر
ژٕے پزٕاوِتھ گور چھیے

نفس کے گھوڑے کو پہلے سے سدھا کر، کر لے رام
تب یہ جا کر منھ میں اپنے ڈالنے دے گا لگام
آگ دوزخ کی بہت ہی تیز ہے اور تُند ہے
قبر تیری منتظر ہے کر لے اپنا انتظام

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

بارِنۍ آے اَکہ کڑی
أ کِس راز وأنۍ بیٚیَس نہٕ نن زی
بوے ہوان بأیِس پرزنہٕ گژنزی
صاحَب یہٕ نیٚاے کتہِ أنزرِی

جنم دونوں بھائیوں کا ہے یہاں پر ایک سا
اک ہے راجہ، دوسرا فاقہ کشی میں مبتلا
بھائی اب تو اپنے بھائی کو نہیں پہچانتا
کب تلک یہ جھگڑا ہوگا ختم اے میرے خدا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تگہ یۍ تہٕ بُچھ بُزن وزے
منس گرینٛشہِ زین کیا چھۍ ذات
ثواب ساس گوٚن پڑاو زِہے
یوٚد بابہِ نوٚندِ کرکھ راوی نہٕ ذات

نفس کی آتش بجھادینا جو تم سے ہوسکے
ہے تمھاری ذات کیا، دیکھو یہ دل میں جھانک کے
عقلمندو! گر کماؤ گے ثوابوں پر ثواب
ذات اپنی پاکے تم ذاتِ خدا تک جاؤ گے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کاوَ کھیٚہِ گوٚج کان ستِتس
پٚنھس پیٚوو مرُن کندے
بزارِ ہوٚندیر آر کوٚکر پوٚتِس
اُتنہِ بلایہِ تُتِس وندے

کوّا کھائے گا گری، ہُدہُد ہدف ہے تیر کا
(بے خطا) چڑیا کو آخر کس لیے مرنا پڑا
غصّہ چوزے پر اُتارا گربۂ شہ زور نے
یہ تو ہوتا ہے ہمیشہ اِس کے سر اُس کی بلا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

عٲلِم پُرتھ زونٛکھ أسۍ گیہِ وٚٹھی
تِم وٚٹھی گوگل ٹیٚٹھی گےٚ یی
یم ماتم ہبتھ اند کُن پٚٹھی
تِم تٕل أسِتھ پٚٹھی گےٚ یی

بے عمل عالم کو دی جاتی ہے شلجم سے مثال
جتنا موٹا اُتنا کڑوا ہونے کا ہے احتمال
اور جو ہیں عالمِ حق، خود کو کمتر جان کر
فخر کرتے ہیں کہ ہے برتر خدائے ذوالجلال

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زۄن کۄرنم کیاہ تام وعدِ
پیۄن نیۄنم اتھِ خط
کموان کموان لۄسم پاد
مے زن ژہنم اِدِ مالہِ کتھ

میری پیدائش کے موقع پر جو مجھ سے عہد تھا
جب سنبھالا ہوش، میری یاد سے گُم ہوگیا
گھِس گئے جب پاؤں روز وشب کمائی میں مرے
آخر آخر میں نے سوچا، کیا تھا کرنا، کیا کیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

میٹھ تہٕ موٚدرِ انتھ ہا برن
ستۍ شیطانس دوہ دٮ̱ن آسی
ہٮ̱چۍ مندورِ گچھِ ستۍ لِوٚن
سوٚندرن ستۍ زٮ̱تھ تمن آسی

مرمٹے ہیں لوگ خوراکِ لذیذ اور عیش پر
اُن کا دِن شیطان کے ہمراہ ہوتا ہے بسر
قصر کی تزئین و آرائش میں رہتے ہیں مگن
اور ہمیشہ رکھتے ہیں دِلکش حسینوں پر نظر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصریو پوشکھ نہٕ شیطاں موکھس
یُس تِسٕندِس موکھس مازان
کرٕیہٕ نِشہٕ دوٗر پٮوان دوکھس
لوٗب تہٕ مہیوٗک کوہا پازان

نصر باباؒ! توڑ تم شیطاں کا کرسکتے نہیں
اُس کی باتوں پر کسی صورت نہ کرنا تم یقیں
وہ عمل سے دُور لے آتا ہے دُکھ اور درد میں
توڑنا کوہِ ہَوَس کا ہوتا ہے آساں کہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کوکُر بانگ دِیَم پُتُر مے پیٹارے
چاءکر گُرم نتہٕ، یۄرُم کیٹاہ
بُکُر ساس پۄواں تھز کارے
وُءکر گِڑھ تہٕ دیس کیٹاہ

میرے اندر (حسبِ فطرت) مُرغ نے آواز دی
میں نے کیا پایا ہے کر کے نوکری اور چاکری
ماسوا اس کے بھلا میں اور کہہ سکتا ہوں کیا
کمر سے اکڑی ہے گردن، ٹیڑھی کل ہو جائے گی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مُسلو مو کر کلے
نتہٕ غُسلس دودچہٕ کلے چھاو
زُوَس یاد کرن اَولے
یہٕ کلے گوٚھ تہٕ سُلے تراو

اے مسلماں زندگی اپنی نہ تم ضایع کرو
تاکہ کل جنت میں غسلِ شہر سے محظوظ ہو
تم کرو وابستہ اُس خالق سے اپنے آپ کو
اور ہمیشہ دِل میں اُس کی یاد کو لے کر چلو

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ژَنْدُن	ژُٹھ	ارخل	ووَکھ
تھ	کوتاہ	پھل	یویی
دُپہٕ	تراُوِتھ	گندھک	وِدکھ
ژیٚے	کُسُو	پژانت	چُھے

تم جو صندل کی جگہ تھوہڑ کا پودا دو لگا
ہوگا کانٹوں کے بغیر اس سے تمہیں حاصل بھی کیا
تم جو خوشبو چھوڑ کر گندھک جلاؤ گے کبھی
خود ہی سوچو کیا ملے گا تم کو بدبو کے سِوا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کونگۍ خامس لادک داغ گوم
نابد کترس گوم ستھرٕ کاٹزو ورو
قندس نابدس سۄر تٕہ ڈاکھ گوم
بدن اکھ گوم باد ووروٕ

زعفرانِ خام کر ڈالا نمی نے داغدار
قند کڑوی ہوگئی جب مل گیا اُس میں اچار
سب اثاثہ اس طرح ویران اور برباد ہے
ہوتا ہے احساس جیسے یہ وجود اپنا ہے بار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کأم، کرودھ، لوٗب تہٕ موہی
بوٚ سٕرٕ، سرہن کیٚاہ
پاپیہِ سر گوم روحی
رنگم روئے تہٕ ژنگم کیٚاہ

کِبر، غصّہ، حرص، لالچ ہیں برائی میں شمار
ہوسکا حاصل نہ اِن سے کوئی عرفانی شعار
معرفت یوں مل گئی بحرِ گُنہ میں ڈوب کر
گویا بس چہرے کو میں نے کرلیا ہے رنگ دار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پژ زنبن کندِ کرکھ نالہِ مُتی
کنڈیو کرکھ یم مُتی خیال
بازرِ نو مولہِ میلان یاون یُتی
کنڈیو ژِ کاژس کنکھ لال

تم گلے لگنا نہ اے ناداں زنانِ غیر کے
حرکتیں کرنا نہ ہرگز پاگلوں کی طرح سے
سوچ لو بازار میں ملتا نہیں لعلِ شباب
لعل کو بیچا نہیں جاتا ہے شیشہ جان کے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیاہ کرِ سوٗتس کیاہ کرِ ہردس
فردس لیکھتھ تھووٗن سورٕے

پتہٕ پتہٕ پکہٕ ہا صاحبِ دردَس
داٚدِس سٔے کربم دارؤے

فصلِ گُل، دورِ خزاں، میں کیا کروں گا دیکھ کر
سب تو ہے لکّھا گیا، فردِ اَزل میں پیشتر
یہ تمنّا ہے کہ اہلِ درد کے پیچھے چلوں
تاکہ بن جائے میری بیماریوں کا چارہ گر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرؒ بابہٕ ژٕ بوز گوٚر ہٕندی وژن
سوٚر ہٕژز ووڈٕ آسہٕ موٚر سُنٛد تاج
وبتھ ہوکھن تہٕ ہمبر گژزن
سُے ہا مالہٕ آسی واٹندر راج

نصرؒ بابا! پیشگی یہ قول سُن لو پیر کا
مور کا تاج ایک دن سُوَر کے سر سج جائے گا
خشک دریا ہوگا، اور گرجیں گی گندی نالیاں
بیٹے بندر راج ہوگا ایک دن تم دیکھنا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کھنڈ تہٕ نابد، بٕیہٕ فلکہٕ وَٹے
باٚژ چھِس شیر خور پزیٖن کرانہٕ
تس یٖلہٕ کال یٚتھ نال وَلہٕ ہٹے
چھوٗن اتہٕ گٹھ لوٗگے وتہٕ گٹھ پانہٕ

عُمر، اہلِ خانہ کو میٹھا کِھلانے میں کٹی
اور سِلواتا رہا اُن کے لباسِ قیمتی
پر نہ تھا کوئی اجل نے پکڑا جب میرا گلا
جان میری! بے سبب تو آئی، اب جانے لگی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نأدر وقتن فرشتہٕ وَسن
آدمن دپن رُچھو شَیٚ
زَل یم چھاون مَل یم کاسن
تِم یٚتہٕ کھوتہٕ تتہٕ آسن شَیٚ

خاص وقتوں میں فرشتے آسماں سے آئیں گے
ابنِ آدم سے اُمیدیں رکھنے کو فرمائیں گے
اور کہیں گے، دیکھنا جو ہیں یہاں تن من سے صاف
بس وہی لوگ آخرت میں جاہ وحشمت پائیں گے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پھوٚل ہےٚ وۆوَکھ داہ پھٹلی بَوے
دولت برتل وەبرِنہٕ زاٹھہ
خوداے دِتےٚ خرچَنس کِتےٚ
نیکی کرکھ راوی نہٕ زاٹھہ

ایک دانہ بوؤ گے، دس کاٹ لوگے، باخدا
اور دولت مند ہوجاؤ گے تم بے انتہا
تم کو دولت دی خدا نے خرچ کرنے کے لئے
تم اگر نیکی کرو، تو ہو نہیں سکتی فنا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زأنم نہٕ رازٕ پُرش چھِ أنی
پکان آسمانن من لٔدِتھ
تیلہِ بڈأے سوریکھ مال مُرٕوٗنی
یِلہِ قبرِ شیرِ گوھنکھ کُنٕ کٔدِتھ

اندھے ہوجاتے ہیں اہلِ مال، میں لاعِلم تھا
اپنی دولت خرچ کرتے ہیں وہ محلوں پر سدا
اِس ریا کارانہ عظمت کا نشہ اُترے گا تب
سنگِ آخر اُن کی تُربت پر جو رکھا جائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کونگم خلس بنگہٕ کُمٕ وٗدیو
والس گبو مِلہٕ وُتھ رَتھ
لوٗب وُچھنس کتھ کُمٕ بأدیو
رأدیو منز بازارس وَتھ

تیری کشفِ زعفراں میں بھنگ کس نے کاشت کی
چوں غذائے پاک با خونِ حرام آمیزگی
کس نے کی حرص و ہوس کی سمت تیری رہبری
بیچ میں بازار کے، ہاتھ آئی تجھ کو گُمرہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مارَس ماربم، تارس تاربم
یارس کھیاوبم ژوٗنٹھ تہٕ ٹنگ
عاصہٕ چُھ أتھٕ وول طوٗرس کھاربم
بٕیہٕ چھُم مالہٕ تریُم زَنگ

سانپ مارے گا یہی اور پار لائے گا یہی
ناشپاتی، سیب بھی مجھ کو کھلائے گا یہی
طُور پر مجھ کو چڑھائے گا یقیناً (یہ عصا)
گویا پاؤں تیسرا بن کر چلائے گا یہی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زٕبٹھس فرضس کر عمل تےٕ
زِبٹھےٕ ہردس کِیٔت گُرِتھ تھاو
نِتھے نیک نالہِ کرتو کل تےٕ
یُس کرِ گونٛگل سےٕ کرِ کڑاو

تم ادا سب کرتے جاؤ اپنے فرضِ زندگی
کام کر ڈالو خزاں کا تم خزاں سے پہلے ہی
تم ریاضت بھی کرو، رب پر توکّل بھی کرو
(خوب رکھّو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آدن سونٹھ چُھے، ژین اَول تےَ
سُلہِ گرِ رَٹو، مالہِ پٕنُن تاو
اتھِ یُتھ نہٕ گوٹھی سونٹھ چُھے ژھل تےَ
یُس کرِ گونٛگل سےٚ مےٚ کرِ کڑاو

تم کرو قدرِ بہاراں اُس کے پہلے دن سے ہی
اور بَرتو ابتدا ہی سے ذرا سنجیدگی
یہ کہیں موسم نہ بیتے، یہ فقط ہے دھوپ چھاوں
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آکہِ فال غُسلِ طہارت کر سہ
اِپٹھ چھےٚ نِیت پھلہِ پھلہِ تراو
وان چھےٚ قرأت صحیح ژٕ پر سہ
یُس کرِ گونگُل سُے کرِ کراو

جیسے عقبیٰ کے لیے ہے غُسل اور پاکیزگی
ویسے یاں کھیتی کو ہے ہل، دانہ، ہمت لازمی
پاک قرآں کا تلفّظ اور ہو قرأت بھی ٹھیک
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نیزمی ستبن رکؤعس وس تےَ
ہامہٕ چھے کھس تہٕ کدٕتھ تراو
لازِم سُجدٕ چھے ننبدٕ تاپس تےَ
یُس کرِ گونگل سے کرِ کراو

تُم جُھکو پیشِ خدا، نیت کرو اخلاص کی
وہ نکالو گھاس کھیتی سے جو ہے بیکار سی
ہو نِلائی وقت پر تو فصل بھی بھرپور ہو
(خوب رکھّو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دَمہٕ دَمہٕ بیم بر شِکسدارس تےٚ
دوہ دوہ لاگےٚ وُچھےٚ دژاو
یَژھ پژھ بر سَہ چکدارس تےٚ
یُس کرِ گونٛگل سےٚ کرِ کژاو

تُم ڈرو اور فکر رکھّو اپنے چوکیدار کی
یُوں نہ ٹالو تم کہ یہ ہے گردشِ روز و شبی
مالکِ گیتی پہ ایمان و یقیں سے دھیان دو
(خوب رکھّو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اوّل رأژ یٖلہِ لحد ہاونس تےٚ
دیہِ نس دُنی پیچ مستی تژاو
توبہِ توبہِ کران جواب دیاوٗنس تےٚ
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کژاو

بعد مرنے کے لحد میں پہلی شب جب آئے گی
یہ کہا جائے گا اب دُنیا کی چھوڑو بے خودی
بعدِ توبہ پھر طلب ہوں گے سوالوں کے جواب
(خوب رکھّو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

رسہٕ رسہٕ عُمر گُے یی خاکس تےٚ
غاٚفِلو أٲخر ژٕپنتھ تھاو
دپ سَہ کوٚ پھوٚرُکھ پأٹی پانس تےٚ
یُس کرِ گونٛگل سُے کرِ کرٲاو

ہَولے ہَولے عُمر سوئے خاک مرقد جائے گی
غافلو محسوس کرلو اِس کو اِس سے قبل ہی
سوچو کیوں دھوکا دیا ہے تم نے اپنے آپ کو
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

موما زأله ڈبہِ، روبہِ خانس تےَ
تتہِ چھے پبتُرن کُنہِ سے ہاو
کوتاہ پژیٖنہِ زِے نادانس تےَ
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کڑاو

مت کرو تم فکر تعمیرِ مکان و قصر کی
کیونکہ بس دے گی جواب اُس جا اکیلی جان ہی
سوچ لو نادان، سب کچھ کتنا ہوسکتا ہے صاف
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آدم غافِلو ژین پانس تےَ
وژِومُت تُتی لونکھ ہاو
تولہِ نےَ پاپ، پُن میزانس تےَ
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کڑاو

اک ذرا احساس بھی لازم ہے غافل آدمی
تم وہاں وہ کھیتی کاٹو گے، جو ہے بوئی ہوئی
تولے جائیں گے وہاں میزاں میں عصیان وثواب
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مُقدمہٕ شفیع اَن سرکارسؐ تےٚ
مُقدمہٕ پنہٕ نُے تُسی پٮٹھ تراو
نُندٕ ریشیٚ وأقف کِشتہٕ کارس تےٚ
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کڑاو

جو قَضِیّہ ہے رکھو پیشِ رسولِؐ آخری
اور بناؤ اُن کو تم اپنی شفاعت کا ولی
نُندہ ریشیؒ جانتا ہے اپنی کِشتِ آخرت
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سرکارٕی اجلکی پیٚادٕ ینس تےٚ
پُرکارٕ ووتھ مالہٕ کوٚرمُت ہاو
ہرکارٕ گُوھتھ سورٕے وَنہٕ نس تےٚ
یُس کرٕ گونٛگل سُے کرٕ کڑاو

آئیں گے سرکار سے پیادے اجل کے جس گھڑی
بولیں گے، اٹھو چلو فہرست دو اعمال کی
تب کراماً کاتبیں کردیں گے سارے راز فاش
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پُتھ پھلس رَے کرنس تےَ
بیوٚن بیوٚن پھلس ہنبس ناو
تٚروپ دِتھ اُسس بنٛد کرنس تےَ
یُس کرِ گونٛگل سُے کرِ کڑاو

ضایع ہوسکتے ہیں (روزِحشر) پختہ میوے بھی
گنتی ہوگی نام الگ لے لے کے ہرایک میوے کی
کرکے لب بندی، زباں پر بھی لگے گی روک ٹوک
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پوت جبن باگے کرِ ناونس تے
توخُم ہے اُسی زُگ چھیتِ ہاو
لؤنتھ، دِنہٕ وِتھ تولہٕ ناونس تے
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کڑاو

کنکری تک کا حساب آئے گا پیشِ آدمی
ہر کھرا کھوٹا دکھانا ہی ہے روز آخری
پھر عمل جو صاف ہیں میزاں پہ لائے جائیں گے
(خوب رکھو یاد) جو بوئے گا کاٹے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آنگنہٕ ناد چھُو کران ہؤنی
بٲیو مےٚ کُن تُہٕ شِنٛ تَو
یٕکٕ یی وؤو تُمٕ تی لؤنی
ہؤن چھؤ دپان وَو وَو وَو

بھونک کر کتا کوئی، آنگن میں دیتا ہے صدا
میری جانب دیکھو اور سُن لو ذرا میرا کہا
بات یہ ہے جس نے جو بویا ہے کاٹے گا وہی
بھونک کر کہتا ہے کتا بوئے جاؤ بوئے جاؤ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

قبر دوران یور کیشہہ مےٚ اَنی
تور کیٚتھ کیشوٗھا آن وَو وَو
ہأبتہٕ توٚے مےٚ کرٚنز ماز چھنی
ہوٗن چھوٗ دیان وَو وَو وَو

منتظر تُربت کہے گی تم یہاں کیا لائے ہو
اب وہاں کے واسطے تیار کچھ توشہ کرو
ڈر یہی ہے، جھڑ گیا ہے جس سے میرا گوشت پوست
بھونک کر کہتا ہے کتا بوئے جاؤ بوئے جاؤ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تتہِ یٖلہِ دفترس ہبن واتوٖنی
آسہِ ہےٚ اَپُز وٚنیٚو کس کٹھو
شِنٹو کُنہِ ہے چُھوٚ پبتر وٖنی
ہوٚن چھوٚ دپان وَو وَو وَو

جب وہاں دفتر کھلے گا اُس گھڑی کی سوچ لو
کس طرح پھر جھوٹ اور سچ کو چھپاؤ گے، کہو
سُن لو اُس دم بس اکیلے ہی کو سہنا ہوگا بس
بھونک کر کہتا ہے کتا بوئے جاؤ بوئے جاؤ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیٚاہ کرِ کاٹھہ دَنٛدِ رۆستی ڈۆنٛس
کیٚاہ کرِ رٛنٛس تیٚر کمان
کیٚاہ کرِ سونہٕ سُنٛد دَستی ہۆنٛس
کیٚاہ کرِ أنٛس شِلہٕ پدمان

بوڑھا دانتوں کے بغیر اخروٹ توڑے گا کہاں
کیا کرے گا لے کے اک نامرد بھی تیر و کماں
سونے کا زیور ہے اک کُتّے کو پہنانا فضول
ایک اندھا کیسے دیکھے گا بھلا حُسنِ عیاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پاپ تہٕ پُن یٚلہِ ہٮ۪ن تولہِ نٕے
بایٕو تتہِ گٕے پاے گٔرٕ تو
لوٚگ وَے ہیٚرٕ کُن گٔرٕھو چھوٚنٕے
ہؤن چھوٚ دیان وَو وَو وَو

तोला जाए गा तराज़ो में जो पुन्न और पाप को
उस घड़ी की फ़िक्र करना है तुम्हें ऐ भाइयो
नेकियाँ हल्की जो हों गी, घाटे में पड़ जाओ गे
भौंक कर कहता है कुत्ता बोए जाओ बोए जाओ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کنیاہ	کرِ	ووڔر	ٹھوٗلس
کنیاہ	کرِ	نوٗلس	دوٗپ
کنیاہ	کرِ	پوٚنز	اصوٗلس
کنیاہ	کرِ	اُنِس	روٗپ

اُود[1] کو انڈے سے کوئی کام ہوگا کس لیے
دیپ جلنا بھی عبث ہے نیولے کے سامنے
کب یہ بندر جانتا ہے ہوتے ہیں کیسے اصول
لُطف کیا پائے گا اندھا (رنگ سے اور) روٗپ سے

☆

1: Otter

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تَمہِ دوہ کنڈ فولادس ترُن
خنجر دارِ ہیوٗ پیٹو
کُرِی زِنہٕ گوناہ کم بِن مارن
کلمۂ محمدؐ تارُن کِتُو

روزِ محشر، آہنی پُرخار پُل پر آؤ گے
جو ہے تیغِ تیز کے مانند، اُس پر جاؤ گے
چھوڑ دو سارے گُنہ تب پار اُترنے کے لیے
کلمۂ پاکِ نبیؐ کی دستگیری پاؤ گے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

أ کس برتل سازن چھ گبوان
وُدی چھ لأ گتھ نِنڈِ ہوتے
بٔپیس رزِ تہٕ لورِ چھِ ماران
پانہٕ آشن کس کیاہ دِتے

ایک گانا سُن رہا ہے گارہا ہے جھوم کے
مست ہے، مدہوش ہے ساز وغنا کے کیف سے
دوسرا رسّی میں جکڑا کھاتا ہے ڈنڈے کی مار
یہ خدا کی ہے مشیّت، کس کو دے کس کو نہ دے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

أ کِس ہتہٕ بوٚد خاٚر چُھ کُچھبن
اندر کچھبن زگ کیٲہ چھوٚتےٕ
بٮ۪یس دَے نتہٕ موصوم ہیچھن
پانہٕ آشن کس کیٲہ دِتےٕ

ایک کے کوٹھار میں چاول منوں رکھے ہوئے
لُطف اور لذت میں وہ چاول ہیں سَو سَو قسم کے
دوسرا جو دانے دانے کو ترستا ہے یہاں
یہ خدا کی ہے مشیّت، کس کو دے کس کو نہ دے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

أ کِس دِتُن گوٚبر دنٛدوٗے
بیٚاکھ دیان کورِ کنٛدِ زایے
ترٚیٖم تھوٚوٗن چھوٚن تہٕ چھوٚنٛدوٗے
پانہٕ آشن کس کیٚاہ دِتے

ایک کو دیں بیٹیاں، اور ایک کو بیٹے دیے
اپنی رحمت اور اپنے فضل سے اللہ نے
اور اک ایسا بھی ہے جو دونوں سے محروم ہے
یہ خدا کی ہے مشیّت، کس کو دے کس کو نہ دے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اکھاہ بٹھبن پأیر چُھ ژھانڈان
نس ووپتھ وأژے توتے
بیٚاکھاہ گرے لاچُھن چُھ گنڈان
پانہٕ آشن کس کیٚاہ دِتے

ایک ڈھونڈے ہے پہاڑوں پر وسیلے رزق کے
ساتھ غُربت ہے وہاں بھی، شومیٔ تقدیر سے
اور اک لاکھوں کمالیتا ہے گھر بیٹھے ہوئے
یہ خدا کی ہے مشیّت، کس کو دے کس کو نہ دے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اکھاہ ڈیوٹھم بہتھ تختس
اکھ نہٕ تس بود بٕیہٕ نہٕ تس کار
تُرکھاہ تہٕ کران تُہنٛدِس رختس
بختس بود چھےٚ خدمت گار

ایک کو دیکھا ہے میں نے تخت پر بیٹھے ہوئے
اہلِ دانش ہے نہ کچھ واقف ہے کسب و کار سے
دوسرا دانا ہے اُس کی جامہ زیبی پر لگا
عقل، قسمت کی غلامی کررہی ہے، دیکھیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اوٗناہ پالِکھ اورِ دِتھ نکھ تس
اکھ نہٕ تس ژبتس تختہٕ سیپار
عٲلماہ حأران کاٴمنٛ ہاک تس
بختس یود چھےٕ خدمت گار

اُس طرف شاہی سواری کے جو لیتا ہے مزے
ہے بڑا جاہل، کہ ناواقف ہے وہ قرآن سے
اور ادھر عالم ہے جس کو ساگ بھی ملتا نہیں
عقل، قسمت کی غلامی کررہی ہے، دیکھیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

چھِ پأزس آپران کوءِکر تچھان
چھِ مُڈن برتل پھیران تُرکی
چھِ سوزنن کوزن ضیافت کھیاواں
چھِ ذأکر حأران تہٕ غأفل سُکھی

باز کو کھانا کھلاتا ہے محبت سے کوئی
اور مُرغی ہے تلاشِ رزق میں پھرتی ہوئی
دانا احمق کا مصاحب، اور احمق ہے بخیل
نیک ہیں حیراں پریشاں اور غافل ہیں سُکھی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

حضرت بابہٕ آدم مولۍ
آمہٕ حوأ تُتی آوو
اِد کتھ دپن دُوٗنب ژژولۍ
کلس ہمکل کنیاہ ہبڈو

حضرت آدمؑ تو ہم سب کے پدر ہیں، بے گماں
اور اُن کے پہلو سے پیدا شدہ حوّا ہیں ماں
پھر یہ نسل و ذات، ملک و رنگ کی تفریق کیوں
اصل سب کی ایک ہے پھر کیوں ہیں طعنہ بازیاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

صاحِبہٕ مہر ہے کرکھ پوش زن پھولہٕ نم
زہرس سپنہم نابد تہٕ قند
صاحِبہٕ قہر ہےٚ کرکھ سون کیٚاہ لَوے
شرٛاکھ تہٕ مازس چھا وادِ واد

مثلِ گُل پھولوں جو تیرا ہو کرم، ربِّ جہاں!
قند ہوجائیں مزے میں زہر کی بھی تلخیاں
قہر ہو تیرا تو یہٕ سونا بھی بے قیمت لگے
گوشت لگ جائے چُھری کے مُنھ میہٕ اُس میں دم کہاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

عاشقن ترٕلیش تہٕ پوچھِ نو آسی
عاشق کُمِس پتھ تیی نہٕ زانہہ
چُھ دُرس وطن صدفس نشے
ژٕورس ٮ۪ندر آیہٕ نہٕ زانہہ

عشق میں محسوس کب کرتا ہے عاشق، بھوک پیاس
اور ساماں کی کمی سے بھی نہیں ہوتا ہراس
مطمئن ہے دُر، صدف کو جان کر اپنا وطن
چور شب بیدار ہے، اُس کو ہے مال و زر کی آس

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

رَز تہٕ گز ہتھ بُتلہِ نَیم
اپُز کران ژِیوُنم مو
پتو منز سرِ ہب زَ ہٕیم
زتھ دُنیا ہَس کیتھہ زیوُنم مو

قبر میں لے کر نکیریں آئے سامانِ عذاب
میں نے سوچا عمر بھر کیوں جھوٹ بولا بے حجاب
گویا رسّی ٹوٹی جب منجدھار میں، اٹھّا سوال
آکے دُنیا میں کمایا کیا، پئے یومِ حساب

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ہاپانہِ تیمہِ دوہ دوزخ تاون
تتہِ ہا دیہِ ہم زاس کتھ کیتے
گوناہ پنزِ تتہِ پانے مارن
تتہِ ہا دیہِ ہم زاس کتھ کیتے

نفس میرے، آتشِ دوزخ کا ہو مذکور کیا
تو کہیں چلاّ نہ اُٹھے، اُف میں پیدا کیوں ہوا
جب ہلاکت میں تجھے ڈالیں گے خود تیرے گناہ
تو کہیں چلاّ نہ اُٹھے، اُف میں پیدا کیوں ہوا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تَمہِ نارِ سوٗر گژھ کوہن تہٕ بالن
بدکارن وارِ رٛٹھ پکھٕ ناون
نافرمانن افسوٗس کھیٚاوَن
تتہِ ہا دیہٕ ہم زاس کتھ کٔتٔے

راکھ ہوں گے جب پہاڑ اس آگ میں تم دیکھنا
بدشعاروں کو پکڑکر بال، کھینچا جائے گا
مَلتے ہوں گے سب کفِ افسوٗس، نافرمانِ رب
تو کہیں چلّا نہ اُٹھے، اُف میں پیدا کیوں ہوا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زاڈے سُم سنیاے طورگس میأنِس
اند ووٹی نیرِتھ چُھس وَدانو
کیاہ کرِ نفس ژمہٕ ہٕ وِس پُنِس
وَتھ رأو أنِس ژینتہٕ میأنہٕ پانو

میرے گھوڑے کے ہیں سُم زخمی، کرے کیسے سفر
آہ پچھتاتا ہوں اب میں اشکبار و نوحہ گر
ہے تعاقب میں مرے، شام و سحر ابلیسِ نفس
کھوگئی ہے راہ میری، میرے دل احساس کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیاہ کرِ مَس ڈبکہٕ لأنس
ہنگہٕ ہاکرِ اَیم چھتانو
پزاکر پیٹوم پٹھ یٚکلس پزأنس
وَتھ رأو أنس ژینتہٕ میانہٕ پانو

شومئ تقدیر نے رکھا ہے مجھ کو مار کر
آگئی پیری، سفید اب ہوگئے ہیں موئے سر
ہیکلِ تن ہوگیا ہے سارا ہی کمزور تر
کھوگئی ہے راہ میری، میرے دل احساس کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کالس کندِ زاس یتھ کالہٕ جگس
حال ڈیشتھ گوس حأرانو
لعلس ٹوٚکھ لوٚگم مےٚ یاونہٕ نَس
وَتھ رأو أنِس ژینتہٕ میٰانہٕ پانو

پیدا خالق نے کیا ہے مجھ کو کلجگ میں، مگر
ڈالتا ہوں حالتِ انساں پہ حیرت کی نظر
بے عمل تھا میں کہ بے قیمت ہوا لعلِ شباب
کھوگئی ہے راہ میری، میرے دل احساس کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مُہتھ مأرِتھ دِژوم ہۆنِس
فِکرِ کُرِ کُرِ چُھس وونۍ ودانو
وونۍ چُھم پیٹھِ رُن کُنہِ ہے ژنِس
وَتھ رأو أنِس ژینتھِ میٹانہِ پانو

میں نے پالا ہے سگِ نفس اپنی عزت بیچ کر
ڈوب ہی جاتا ہوں اب افکار میں باچشمِ تر
اب ہے میری ذات تنہا رؤبرو انجام کے
کھوگئی ہے راہ میری، میرے دل احساس کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ہنگہٕ وَسہِ زَرُر رنگہٕ شوٗبہٕ وُنس
کس کیاہ لیکھتھ گوٚو پانہٕ مہربانو
کر گُنڈتھ تُندِ ریشۍ عرضی وُنس
وَتھ رأو أنس ژینتہٕ میانہٕ پانو

اب خزاں کی زردیاں ہیں خوبصورت جسم پر
کیا لکھا ہے کس کی قسمت میں، کسے ہے کیا خبر
دست بستہ تُندہ ریشی نے خدا سے کی دُعا
کھوگئی ہے راہ میری، میرے دل احساس کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مرگ چھے ہمہ تے کوتو ژلزے
کھیلہِ منز کڈی ژأرِتھ کھ
مرچ شربت چنہِ روس نہِ بگزے
سُلہِ کونہِ گیوکھ ژپنتھ کتھ

موت ہے وہ شیر جس سے بھاگنا ممکن نہیں
بھیڑ کو چُن کر نکالے گا وہ ریوڑ سے کہیں
دِن پیے شربت اجل کا تم نہ پاؤ گے صحت
کیوں کیا پہلے نہ تم نے اس حقیقت پر یقیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیاہ گُرِ زِ مرنَس مرنہٕ نبن وکانن
گوٚو کمن جانن چھانگر گُرِتھ
پوٚنی زن ژٕمِتھ گوٚو نوبن بانن
گُے یہٕ وأنی وانن پھالَو دِتھ

موت کا اور موت کے حیلوں کا کوئی کیا کرے
آہ کتنی قیمتی جانیں بکھیریں موت نے
موت، جیسے پانی مٹی کے نئے برتن میں جذب
بند کرکے اپنی دوکانوں کو تاجر چل دِیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پأری پأری لگیزِ تس پیغمبرسؐ
یَس ہنٛدِس دورس رحمت چھےٚ جأری
کأیکی یٖلہِ ہک لگہِ روزِ محشرس
تُسی کُن اُمیدوار آسن سأری

اُن پہ قرباں جاؤں، کہتے ہیں جنھیں سب آنحضورؐ
دور میں جن کے تھا رحمت اور سعادت کا ظہور
دیکھ لینا تم جو کل کو روزِ محشر آئے گا
سب اُنہی کی سمت جائیں گے شفاعت کو ضرور

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفسی	من	مُو	راوی
میٚوٚٹھ	تہٕ	زیٚوٚٹھ	یٚوٚھی
توٚے	اَلکھ	پَلکھ	راوی
وونٛدٕ	کِتھٕ	مالہِ	پٚوٚی

نفس اُکسا کر غلط رستہ دکھائے گا تمھیں
جانبِ لذّات دُنیا، گھیر لائے گا تمھیں
اِس طرح سے دین اور ایماں ہوجائیں گے گُم
کیا خیال اِن سب کے کھوجانے کا آئے گا تمھیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زُو کنہٕ رۄ چھمکھ دردُک سون زن
ژیٚے گہنہٕ زن مولہٕ وٕنی دزٲے
وٲلتھ ژھنہٕ نےٚ ڈاین گزن تل
تتہٕ یون چھےٚ ووٚنی پٕنٛز کمٲے

جان میری! میں نے سونے جیسی تیری قدر کی
جو تجھے بخشا گیا ہے وہ بہت ہے قیمتی
ڈھائی گز گہری لحد میں جب لٹائیں گے تجھے
جو کمایا ہے عمل سے کام آئے گا وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کھمبہٕ کھمبہٕ کران یٚڈ نو آیی
واہ زُوو پالیس پٮّتو
دیٲن دِتھ ونتہٕ کوٚت گُیہٕ بأژے
واہ زُوو پالیس پٮّتو

کھانا کھا کر بھی نہ کھایا تونے جیسے پیٹ بھر
آہ میری جاں! ذرا تو ہوش کر کچھ ہوش کر
غور کر یہ لوگ آخر کس طرف کو چل پڑے
آہ میری جاں! ذرا تو ہوش کر کچھ ہوش کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سوٚنٛتہٕ یم جکھن تہٕ لاگنٔے کرن
تم سوکھ برن پَپہٕ وندے
یم نہٕ خدائے تہٕ رسولؐ سرن
تم سمسارس زبتہٕ کندے

جو بہاروں میں اُگائیں گے وہی پھل پائیں گے
موسمِ سرما کے دن آرام سے کٹ جائیں گے
جو نہ کر پائیں گے مطلق یادِ اللہ و رسولؐ
وہ زمانے میں خسارہ ہی خسارہ پائیں گے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

غریبی چھے خاص الخاصاہ
خریدار چُھے خدائے تہٕ سودا کر
دُنیاہ دأری یوٗکر ساساہ
طوالِہٕ اندر ژٕ کار مو بر

فقر خاصانِ خدا کا شیوہ ہوتا ہے سدا
اس غریبی کی خریداری بھی کرتا ہے خدا
دُنیاداری دیتی ہے ہر بے حیائی کو جنم
فقر والے! چھوڑ دے طولِ اَمل حرص و ہوا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سُے ژالہِ نبدِ تیمٕ وۄو بیۄلے
ژأرِتھ کڈبس ہامہٕ کأنی
سوٗنتہٕ تیمٕ وۄو ہردِ تمٕ لوٗنے
سُے ژاو جنتس لأگتھ وأنی

تخم ریزی کرنے والا ہی نِلائی کرتا ہے
سبزۂ ناقص کی کھیتوں سے صفائی کرتا ہے
جس نے بویا ہے بہاروں میں، خزاں میں کاٹے گا
جو خدا کا ہے، وہ جنت تک رسائی کرتا ہے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یہِ وۄکھ سوٗتھِ لونکھ ہرٕدے
وَندس کرٕہَس عاٗش و تمتعاہ
پہلوانو ہاو پٮ۪نٛز مردی
دَمہِ دَمہِ پرٕ سَہ اِسمِ اللہ

جس نے بویا ہے بہاروں میں خزاں میں کھائے گا
فائدہ پھر موسمِ سرما میں اس سے پائے گا
اے جواں تو اپنی مردی اور جوانی کو دکھا
وہ خدا کا ہے جو مستِ یادِ حق ہوجائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کاٹلُک بُتھِ تِنَم نالہٕ متہِ ہنَم
گرینش عمل تہٕ کیٚاہ چون ناو
ژھٹہِ تہٕ گٹہِ یٖلہِ أژدر وسَنم
کُس آسہِ مٹیون تہٕ کیٚاہ مٹیون ناو

جب گلے مل کر فرشتے ہوں گے مجھ سے ہمکلام
جاننا چاہیں گے وہ اچھے بُرے سب میرے کام
ہوگی یورش مار و اژدر کی، اندھیری قبر میں
کون ہوگا میرا اُس دم، کون لے گا میرا نام

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پٕر وُنہِ وژھاس چیٖر وُنہِ ناوے
آوٕلنٛے ووُلس کتھ لگہٕ ٹھٹھے

نابد ژھنیٖام ہٕتر کانٛز پاوے
میٹھیٖا کانٛز کِنہِ نابد ٹیٹھے

میں سوار اُس دم ہوا جب تھا تلاطم کا عذاب
آہ اب ساحل کہاں، کھاتی ہے کشتی پیچ و تاب
میٹھے کھٹے کو ملاکر میں نہ واقف ہوسکا
میٹھا کھٹے پر ہے غالب، یا ہے کھٹا کامیاب

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دوہس گٹزرم نفلہٕ ہتھاہ
راتس رۄدٗسس زاگے
یۄدوَے کربم قبۄلیتھاہ
نتہٕ ہۄن زن پھیۄرٗس آگے

میں نمازوں پر نمازیں روز ہی پڑھتا رہا
انتظارِ دید میں راتوں کو بھی جاگا کیا
خوبیٔ قسمت ہے گر ساری ریاضت ہو قبول
ورنہ فرق اس کام میں اور گردشِ سگ میں ہے کیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زبتھ کیاہ کوٚرُم سِیاہ روے
پایَن لاریٛوم بویہِ بد
پاپہِ نبن کامبن کوٚرُم خوے
چھِ سأری نیک تہٕ ہے بَد

میں نہ اپنی رو سیاہی کے سوا کچھ کرسکا
یوں گناہوں کی عفونت اور بدبو میں گھرا
بن گئی میری گنہگاری، مرا فطری شعار
آہ سب ہی نیک نکلے اور میں ٹھہرا بُرا

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آس تہِ سیٚوٗ دُے گٕڑھ تہِ سیٚوٗ دُے
سیٚدِس ہوٚل مےٚ کربم کیٚاہ
ہٕ تس گیاس تُتی ویٚوٗ دُے
ویٚدِس ویٚوٗد کربم کیٚاہ

میں ہوا فطرت پہ پیدا اور اسی پر جاؤں گا
کیا بگاڑے گا کوئی، سیدھا ہے میرا راستہ
اُس نے مجھ کو، میں نے اُس کو جانا تھا روزِ ازل
پھر وہ شیطاں مجھ کو نقصاں کوئی پہنچائے گا کیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پانس مول یُس کرِ نہٕ ہارے
ستی بٕیٚس کرِ نہٕ مان مان
پَر تہٕ پان یُس سٔدرس تارے
سُے ژٕپزے مُسلمان

جو نہ سمجھے اپنی قیمت ایک کوڑی جیسی بھی
دوسروں سے بھی نہ ہو اُس کو خیالِ ہمسری
ساتھ اپنے، دوسروں کو لائے جو ساگر کے پار
(ایک سچّا اور پکّا) بس مسلماں ہے وہی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

لگہِ نہٕ کنہِ پل بدل کعبس
لگہِ نہٕ آہنس گاسہٕ نار
لگہِ نہٕ موٚکر کُنہِ درگاہس
لگہِ نہٕ شاہس کتھِ اِنکار

کعبے کا ہم پلّہ کوئی سنگ آسکتا نہیں
شعلۂ خاشاک لوہے کو گلا سکتا نہیں
لگ نہیں سکتی کوئی مکروہ شے درگاہ میں
امرِ شہ سے کوئی بھی آنکھیں چُرا سکتا نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نُندیو ہیٚنٛدبن ہنٛز کامہِ ترٲوی تو
ترٲوی تو، پزٲوی تو حقہِ ہنٛز وَتھ
حضرت محمدؐ متہِ مُشرٲوی تو
اسہِ نِن دوزخس تمن روزِ کتھ

عقلمندو چھوڑو وہ، جو بے خرد کرتے رہے
تم چلو اور دوسرے سے بھی کہو حق پر چلے
تُم بھلا دینا نہ حضرتؐ کو کہ ہوسکتا ہے یوں
نارِ دوزخ میں جلیں ہم اور بات اُن پر چڑھے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

قرآن پران ٕکتھ بےٚ غم رؤدُکھ
یامتھ پھٚری ہتہٕ بٕدٕی ژوٚر
تمو پوٚر قرآن یمو شب و روز وؤدُکھ
ودان ودان گوکھ اُڈٕی جن سوٚر

تم رہے بے اضطراب و درد، اے قرآن خواں
یوں ہوا پھر سینکڑوں چوروں نے لوٹا ناگہاں
بس پڑھا قرآں انہوں نے روئے جو شام وسحر
روتے روتے تم نے کرلیں ریزہ ریزہ ہڈّیاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کن تھاو حدیٚس بٕیہِ پنج سۄرن
دوہ اکہِ نِنہِ یو ۄرن منز
ظالمن زالن ناروبن تٕندرن
عالمن جاے دِن قصۄرن منز

تم حدیث اور پاک قرآں کو سنو اہلِ شعور
ایک دن لے جائیں گے تم کو میانِ بزمِ حور
جل بھُنیں گے سارے ظالم دوزخی تنوّر میں
عالموں کے ہوں گے جنّت میں محلّات و قصور

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سُخی یِن مول کُس کرِ روپہٕ ہِنز وَرَن
تھوٚ نکھ بہِشت کنِن ڈوربن مِنز
مُجأہدن تزکیتہٕ صلاح پؤرن
تِنکھ مدینہٕ کنِن بہؤدرن مِنز

روپیوں سے پائیں گے اہلِ سخا بدلہ کہاں
اُن کو بخشی جائیں گی فردوس میں پھلواریاں
سازوساماں سے کیے جائیں گے لیس اہلِ جہاد
ہوں گے شیرانِ مدینہ میں وہی عزّت نِشاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اکھ نۍ مرِ ہا تہٕ اکھ نۍ زنیٖہِ ہا
تنگ گژھ عالَم وَچھ مؤرے
اکھ نۍ ءِکنہِ ہا بیٚاکھ نۍ ہٕنیٖہِ ہا
چرخ گژھ بند تہٕ کُس کیٚاہ کھیٖنے

اک کی موت اور اک کی پیدائش نہ ہوتی گر یہاں
باوجود اِن وسعتوں کے تنگ پڑ جاتا جہاں
بیچنا، لینا نہ ہوتا گر تو رُک جاتا یہ چرخ
پھر تو کوئی کیا کماتا، کون کیا کھاتا میاں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سوندرِ مےٚ کامہِ دیٖوَن چاوِ گوم
مُہتھ ٹھگ گوم وأژِس کوٚتےٚ
وولگہِ بتس کنہِ تہٕ توہ گوم
غریبس دوہ گوم وَہرس اوٚتےٚ

مجھ حسینہ کو ہوئی اُلفت خدائے عشق سے
پھر کہاں پہنچی کہ مجھ کو ٹھگ لیا شیطان نے
عمدہ چاول، بھوسی اور پتھر کے جیسے ہوگئے
یوں غریبی میں ہوا اک دِن برابر سال کے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آے تہِ بیٚوٚنُے گژھو تہِ بیٚوٚنُے
ئِنس کھوتہِ نہِ یٚوٚنُے جان
یٚودوَے آسہِ وونٛدس گُنُے
نتہِ زبنہِ کھوتہِ نہَ زیٚوٚنُے جان

ہم اکیلے آئے اور اوپر اکیلے جابے
پست تر اچھا نہیں ہے پست سے (یہ جانیے)
ہاں اگر دل میں سبھوں کے خالق واحد نہیں
خوب تھا پیدا نہ ہونا ایسے پیدا ہونے سے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

رؤد میٚٹھ پھلس تہٕ جہتس
ماز میٚٹھ چھٹتی کٹس آسی
رس میٚٹھ ہاٚنزس سس میٚٹھ بٹس
بِنٛدر میٹھی مونڈ کٹس آسی

بارشیں ہیں خوب تر میٹھے پھلوں کے واسطے
اُجلی بھیڑوں کا ہے گوشت اچھا سبھوں کے واسطے
شوربا ہانجی[1] کا، تلچھٹ پنڈتوں کی خوش مزہ
نیند کا ہے ذائقہ بدقسمتوں کے واسطے

☆

[1] کشتی باش

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سوکھس مول چُھے چَنن تہٕ کھیٚنن
بِندرِ مول چُھے اوخنن ہٕستی
رٔیٚش مول چُھے واربن تہٕ وٚنن
ککہٕ ون مول چُھے پتھ کنبن ہٕستی

چین ہے دل کو تو خورد و نوش میں ہے ذائقہ
بے عمل مُلّا کو بھی چسکا ہے میٹھی نیند کا
اور فقیروں کو پہاڑوں جنگلوں میں ہے سکوں
سنگریزوں کی خورِش میں ہے چکوروں کو مزہ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

بزمیوس تہٕ نمیوس نہٕ پیٚشٕنَس
آسہِ ہا نتہٕ شیٚہلو
پانٛون وقتن نہٕ وُنتھ وُنَمس
یہِ موٚہ پھوٚرُم مےٚ ہبتھ ہکو

پیشِ مولا میں نہ جھک پایا، بہت مغموم ہوں
یہ اگر کرتا تو ملتا مجھ کو آرام و سکوں
پنج وقتہ جو مجھے کہنا تھا کہہ پایا نہ میں
نفس کی لالچ نے مجھ کو کردیا گمراہ یوں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یمہِ دوہہِ صاحب ثُوری دوزخ
تمہِ دوہہِ تولن پُن تہِ پاپ
وارِ یوٗد کُلِمُک معنی بوزکھ
یٖتہِ کیو تتہِ آسکھ صاف

آتشِ دوزخ کو جب حکمِ خدا بھڑکائے گا
تیرا عصیاں اور ثواب اُس روز تولا جائے گا
اس لیے بہتر ہے کلمے کے معانی جان لے
صاف سُتھری زندگی دونوں جہاں میں پائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ذِکرِ ہستی رٹن مالے
فِکرِ ہستی تارُس پن
نفس گنڈُن ہالے ہالے
زن توُرتھ موختہٕ مالے پن

اُس کو پانے کے لیے ہے ذکر پہلے لازمی
پھر ملاکر فکر کو، کر سعی اُس کے قُرب کی
نفس کو قابو میں رکھ، بننا ہے دولت مند اگر
تونے یوں تیار کرلی موتیوں کی اک لڑی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

بُڈی بُڈی گنڈی وسن کِکر مؤرن
اِد گڑھ زورن تفاوتھ
تتہِ تمے موکلن یمن عربی فورن
تتہِ چھے ہارن تہِ موہرن تفاوتھ

جب گریں گے ٹہنیوں سے ٹوٹ کر کیکر کے خار
آ ہی جائے گا یقیناً زور و طاقت میں اُتار
وہ چُھٹے گا حشر میں دے گا جو عربی میں جواب
کوڑی کیا ہے، اشرفی کیا ہے، کھُلے گا اعتبار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ظاہر سرائے بیوٹھکھ دُکانس
اتھ ہتھ تسبیح بٕیہِ ہتھ پھاسکر
زِیٚن زن کاٹکی ہو لاگنٔے دانس
ہےٚ کندِ پھوٚرُکھ پاٚنٔے پانسے

ایسا لگتا ہے دوکاں کھولی ہے تو نے مکر کی
ہاتھ میں تسبیح ہے لیکن بغل میں ہے چُھری
ایک دن ایندھن بنے گا تو جہنّم کے لیے
تونے اپنے پاؤں پر خود ہی کُلھاڑی مار لی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرِ بہٕ کیٲہ وٕنےٚ کیٲہ بوزکھ
بوزخ چھی ہِندرِ ہُتی
یورِ یٖلہِ گوٚھکھ تورِ پٮٚےٚ بوزخ
پتہٕ بوزخ تہٕ ژٕ بوزکھ تُتی

نصرؔ! میں کیسے کہوں اور سُن سکو گے تم بھی کیا
اژدہے اور سانپ ابھی لیتے ہیں خوابوں کا مزہ
تم کو جانا ہے جہاں، یہ چونک کر آجائیں گے
کیسے نمٹارا ہو، پھر خود ہی سمجھنا بوجھنا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرؒ بابہٕ زُو چھے شمع زن تارس
نصرؒ بابہٕ زُو چھے دماہ پنٛجہٕ موٚژھے
زُوس پژھ زاثہہ گُرٕ زِنہٕ مکارس
یارس دِزبم انٛد مزارس وٚنٕے

نصرؒ بابا! شمعِ سوزاں کی طرح یہ جان ہے
درحقیقت یہ تمہارے گھر میں اک مہمان ہے
یہ ہے جانے والا، اس کا کیا بھروسا کیا تلاش
کیونکہ اس مہمان کی منزل تو قبرستان ہے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

جاے چاٗنی چھے گورِ بل تےٕ
توٚت ٚستٕ کاٹھہ نو وَسی
تتہِ پبتٕرٕن چُھے پنہٕ نِس پانس
واہ زُوو پاس پٹّو

ہے ترا اصلی ٹھکانا "قبر" اے میرے بدن
کوئی بھی ہوگا نہ ساتھی ہمزباں اور ہم سخن
تجھ کو جانا ہے اکیلے، اس لیے مرنے سے قبل
اُس جگہ کی فکر کر، جس سمت ہے، تو گام زن

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اَپرِس دُنی یہَس مو بَر یَژھ تےَ
بزونٹھ چھے ہر تہٕ کٹھکشوں واو
نوش کوٗر، شُری باٚژ برنےَ پژھ تےَ
یُس کرِ گونگل سےٚ کرِ کرٲو

تو بھروسا کر نہ دُنیا کا، وہ ہے دارِ فنا
تھرتھرا دیتی ہے وہ، آگے ملے گی جو فضا
ہے بہو بیٹی سے زینت اِس جگہ لیکن وہاں
ہوں گے نیک اعمال تو بدلہ بھی اچھا پائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

امراہ گُرِ تَو بے نمازبن
یَمن وأنجہِ گیہِ پربتو
کِرٹیے تراون گُفرس مازن
تِمن عذاب آسہِ کافرن کھوتو

بے نمازی سخت دِل ہیں اور ہیں خانہ خراب
اُن کو تم بیدار کردو جو ہیں اب تک محوِ خواب
جو عبادت چھوڑ کر کرتے ہیں کارِ کافری
کافروں سے بڑھ کے اُن کے واسطے ہوگا عذاب

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تراُوتھ تِنم انذ مأدانس
سُمتھ مٕیو پٹھ ژبلہٕ نم ٕکتی
ڈیشتھ کل کوٕ مُٹھے نادانس
یتھ شاہِ وپر گے رُہتھ ٕکتی

مجھ کو دفنائیں گے سب لوگ آخرش میدان میں
قبر پر ڈالیں گے مٹی آکے قبرستان میں
اے مری نادان ہستی! اتنا سب کچھ جان کر
غرق ہے تو خواہشوں کے سیل اور طوفان میں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

خبر ژنے تھو نے نہٕ رُحس
تھوکہٕ چانہٕ اتھ پأری زأنی
ناوِ تھف کرتو نُوحسؑ
نتہٕ سُدرس تھاہ کتہٕ چأنی

زندگی کے ایک لمحے کی نہیں تجھ کو خبر
ہے اسی میں خیر تیری اور اسی میں ہے سفر
تھام لے تو نوحؑ کی کشتی کو اب بہرِ نجات
زندگی کا اپنی، بے پایاں سمندر پار کر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دارس دودُر ژام ژَنِدِنہِ نِس
سوارس دُلدُل آم تھکانو
نارس کیاہ کرِ تتہِ دوزخہِ نِس
وَتھ رأو أنِس زبن تہِ میانہِ پانو

اس صنوبر تن کو دُنیا کی تمازت ہے لگی
اور چلتے چلتے اِس تن کی سواری تھک گئی
ڈر رہا ہوں حشر کیا ہوگا جہنم میں مرا
کھوگئی ہے راہ، سرتابی و غفلت میں مری

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سونس تہٕ سَرتلہِ اَکے زَلُن
تہٕ ڈِیشتھ زُو مٹیون کلُن ہیوٚت
ڈیوٚٹھُم تُنُن لیُتھ تہٕ ڈِٹھبن پھولُن
توٚے لٗدوَن مےٚ زُلُن ہیوٚت

فرق کوئی سونے اور پیتل میں اب باقی نہیں
انقلابِ وقت پر حیرت ہے دل میں جاگزیں
پستے ہیں اہلِ خرد، احمق ہیں پھلتے پھولتے
سوچتا ہوں بھاگ کر ہوجاؤں جنگل میں مکیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

توش بنہِ نماز بٕنیہِ رمضانس
تی بابیہِ لگہِ یو پانس ستۍ
کن تھاو شلوکن حضرت قرآنس
یتھ جابیہِ دُبراے واژاے ٔکتی

اے مسلماں کر ذرا پابندیٔ صَوم و صلوت
کیونکہ یہ اعمال ہی دیں گے وہاں پر تیرا سات
گوش بر آواز رہ، آیاتِ قرآں پر سدا
کیونکہ اس کی پیروی ہی میں ہے، بس تیری نجات

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دِل چُھے گاڈ تہٕ ہوکھِ مو تھاوٗن
ذِکرِ ہُنٛد پٔوٗنۍ دِس لسہِ یو توٗے
نماز چھےٚ زمینس پھل زن وَوٗن
اونہٕچہِ نندٕ کرٕس کھسہِ یو توٗے

دِل ہے تیرا مثلِ ماہی، رکھ نہ خشکی میں اِسے
زندہ رکھ ذِکرِ خدا کے صاف پانی میں اِسے
کھیت میں ہے تخم ریزی کی طرح تیری نماز
کام لا بہرِ ثواب، اب اپنی کھیتی میں اِسے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سڑانا گُرزِ یُتھ نہٕ کؤنٛوھ ڈیشی
دیٚانا گُرزِ کپُتھِ پان
کرٚیا گُرزِ یُتھ نہٕ زانہٕ مشی
مشی تہٕ نشی پنہٕ نُے پان

کر خدا کی بارگہ میں غلطیوں کا اعتراف
عذر خواہی کر بچشمِ نم کہ وہ کردے معاف
احتساب اپنا کیا کر، راہ نیکی کی نہ بھول
تُو اگر بھولا تو گویا ہوگیا حق کے خلاف

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یم پرس وویہ کار کرن تو
برن بۆچھس وُدرِ تمے چھِ شاہ
پر دِیُن مُہم یم پانس ہین تو
ژین تو رَتھِ کھوِ ژبتہِ واہ

اجنبی کی جو کرے امداد از راہِ ثواب
فاقہ کش لوگوں کو جو کھانا کِھلائے بے حساب
دوسروں کی مشکلیں جو سمجھے اپنی مشکلیں
بس وہی ہے درحقیقت کامران و کامیاب

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پران پران زہٕ تال پھُج دو
تس کِرٕ کزٕیہِ تُج وِنہِ زانہہ
تسبیح پھِران اوٗنگجہِ تہِ گجہِ وو
پھکہِ لَدہِ ہوے ژُج وِنہِ زانہہ

تھک گئی لیکن زباں پڑھنے سے کترائی نہیں
ہاں عبادت کیا ہے تیری فہم میں آئی نہیں
گھِس گئی ہیں اُنگلیاں سب گردشِ تسبیح سے
پھر بھی بدبُو قلب و تن کی دُور ہو پائی نہیں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پران پران تہٕ پٔر گٮ۪
تِم خر گٮ۪ کتابہٕ بوراہ ہٮ۪تھ
یِم دِلہٕ نِش باخبر گٮ۪
تِم نَر گٮ۪ فصل تہٕ عطا ہٮ۪تھ

خوب پڑھ کر بھی یہ حالت ہے تری اے بے خبر
پُشت پر بارِ کُتب لادے ہو گویا کوئی خر
ہاں حصولِ عِلم سے جو ہوگیا ہے خود شناس
ہے خدائے پاک کا فضل و کرم اُس شخص پر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

توبہٕ یۆد کرَکھ ہٕ سٕر ترَکھ
توبہٕ چُھے وُنی کبن تارٕوُن ناو
توبہٕ رۆس پانو تتہٕ کُہٕ اُبرکھ
یٖتہٕ چھےٕ ترِ تہٕ بُشُن واو

ہے گُناہوں پر ندامت اور توبہ اچھی بات
توبہ معتوبوں کو لائے نزدِ ربِّ کائنات
ورنہ جب روزِ قیامت آئے گا تب دیکھنا
بھڑکے شعلوں، سرد لہروں سے نہیں ممکن نجات

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یتھ واوِ ہالے ژونگ کُس زالے
تِلہٕ کنہِ زالبس عٔلِم تہٕ دیٖن
پَرکتھ تراوِتھ سوکتھ پالے
سورٕے عٔلِم چھُس اَلِف لال میم

کس سے ہو روشن چراغ اُٹھے جو طوفانِ عظیم
عِلم و دیں کا تیل ڈالے کون ایسا ہے فہیم
جوکہ اچھی بات سمجھے چھوڑ کر ناقص کلام
جان سکتا ہے وہی بے شک الف لام اور میم

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دانْدس وَنِد پھل گاسہٕ پال نس
سوشتہٕ رٔٹھ گنڈنس مٹو
ہیہٕ تھُر پٹھ گاسہٕ لوو زال نَس
ہو کُرِتھ تٹلہٕ نس مُرِ نَس لٹو

چارہ دے کر بیل کو، ہے پالا جاتا اِس لیے
تاکہ کھیتی میں جوتائی کے لیے کام آسکے
ہو نِکمّا، تب جلاکر گھاس اُس کی پُشت پر
اور دُم کو موڑ کر تکلیف دیتے ہیں اُسے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مو کانچھ شُرِی مُرِی تہٕ گبر
مو بر گُمانہٕ بہٕ چھُس دُنیادار
کاٚلی ہوش تھکی تٕرٕپہٕ رَنہٕ پٮ۪ٹھ زٕ بر
اِ شُرِی مُرِی تہٕ گبر گنڈنے لار

تم نہ دوڑو اور نہ رکھو زوجہ و فرزند پر
چھوڑو یہ نخوت کہ میں ہوں مالکِ اقبال و زر
عنقریب اُڑ جائیں گے ہوش اور کروگے آنکھ بند
پھر سبھی پیچھا کریں گے قبر تک، وقتِ سفر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زُو میانے گُلہِ انارَے
چھِی شوٗبہٕ وِنٛ گُلہٕ تہٕ رنٛبہٕ وِنہٕ موٚھے
یمہٕ یٚلہِ دَزِنے دوزٕخہِ نارَے
اِ کیاہ کرَے تہٕ اِ کوٚت گوٚھے

اے تنِ پُرکیف، اے دلکش بدن مثلِ انار
کس قدر ہے خوبصورت تیرے اعضاء کا نکھار
آہ جب یہ بے عمل اعضاء جلیں گے آگ میں
حال کیا ہوگا، کہاں جاکر کرے گا تُو قرار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پۄنۍس بدنس مَلُن داغ گوم
زاغ گوم نیرِتھ باغہٕ أندرٕ
ہاڑنہِ گرمی پوہ تہٕ ماگھ گوم
ماہ گوم نیرِتھ ہر بَندرٕ

تن گنہگار، اور ایماں سے ہے خالی داغدار
چہچہاہٹ ہو نہ گلشن میں تو ہے وہ بے وقار
موسمِ گرما بدل کر موسمِ سرما ہوا
ناگہاں یوں روح نکلی جسم سے بے اختیار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نصرؒ بابہٕ جنگل کھسُن گُیم حامی
مےٚ دۄپ یہٕ آسہٕ بۍڈ عبادت
وُچھتہٕ یہٕ اُس بۍڈ بدنامی
سرٕ اُس کرٕنی کُنی کتھ

نصرؒ بابا! جنگلوں میں ڈھونڈ مت راہِ نجات
ہے ریاضت میں وہاں بدنامی و خامی کی بات
اب میں سمجھا ہوں عبادت اور ریاضت میں مجھے
اس جگہ بھی بیٹھ کر ہوسکتا ہے دیدارِ ذات

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

یَخ تٕلہٕ کتُر تہٕ شپین
تٕم بیٚون بیٚون پأوٕ کُرِ آشن
یامتھ پیٚکھ آفتابٕچ پٔڑوو
تامتھ تٔرٕبن وِنٕ اَکے گوٚو

برف نرم و سخت اور یخ گوکہ ہوتے ہیں جدا
ایک ہی اللہ نے تینوں کو ہے پیدا کیا
پرتوِ خورشید سے پگھلیں تو پانی ہوکے یہ
ایک ہوجاتے ہیں (جیسے ہر بشر ہے ایک سا)

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

داوو گژاوِ میانہِ نبیِ حضرتسؐ
عرضی میانہِ ہُنٛد مضمون
پٲرٕی پٲرٕی لگہِ ہس مُہرِ نُبوّتس
وونٛی پیٹھ ژبتس گژبکہِ وِزِ نوٚن

اے صبا پہنچا دے فریادی صداؤں کو مری
اُن کی خدمت میں جو ہیں محبوب اور پیارے نبیؐ
میری جاں مُہرِ نبوّت پہ ہو قرباں اور فدا
آہ وقتِ آخر اب ہے فکر زادِ راہ کی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس منۍ ون ہۆس تےَ
أمۍ ہُسۍ گُرۍنم کِتیاہ بل
ساسہٕ منٛز اکھاہ توٚس تےَ
نتہٕ ہیٚتۍنم سأری تل

نفس ہے ہاتھی کہ میرے مارنے کے واسطے
کتنی ہی ترکیبیں سوچیں، کتنے ہی کرتب کیے
فی ہزار اک ہی رہا محفوظ فیلِ نفس سے
ورنہ اُس نے روند ڈالا ہوتا سب کو پاؤں سے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس پتہٕ لگُن چُھے أچھ منز سِرُن
گاشچ وومید بُرِ زبنہٕ زاتھہ
نفس پتہٕ لگُن چُھے آرِ مُنزی پِرُن
ہٕلس تہٕ مینِدِس کرَے واہ

نفس کا لگ جانا پیچھے جیسے تِنکا آنکھ کا
پھر اُمیدِ روشنی کیسے کرے کوئی بھلا
نفس کا لگ جانا پیچھے جیسے ندّی کا خروش
سنگ کو بھی ریزہ ریزہ کردے جس کا ولولہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ووتھان کوٹھبن اتھ دِوان
بیٚہان تراوان لورِ پٹھ تران
تیٚلہِ چُھس آکاشہِ بوتلہِ پوان
چھم یٚلہِ زبتس پوان شُرک پان

ہے بُڑھاپے میں وہ کمزوری کہ تھراتا ہوں میں
بیٹھ کر اب دِن چھڑی کے اُٹھ نہیں پاتا ہوں میں
یاد آتی ہے لڑکپن کی جو بے قدری مجھے
آسماں سے گویا اِس دھرتی پہ گر جاتا ہوں میں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سزٕ گی اوٗنم تہٕ دزٕ گی کُنم
نتھ بور لویُم سَرٕ
مُدرٕ زبانہٕ بٔپیس پُرنَم
پانس رٕنم وونٛ کیٲہ کرٕ

ستا لے کر مہنگا بیچا سادہ لوحوں میں سدا
اصلی کہہ کر میں نے لوٹا جبکہ نقلی مال تھا
آہ میں نے کرلیا برباد اپنے آپ کو
لیکن اب افسوس صد افسوس ہوسکتا ہے کیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

عٕلِم پُرتھ زونٛکھ اُسی گیہِ وِنٛٹھی
تِم وِنٛٹھی گوگل تیٚٹھی گیٚی
یِم یا تِم ہتھ انٛد کُن پیٚٹھی
تِم تل اُستھ پیٚٹھی گیٚی

علم کے بل پر جو ہیں نخوت پسندی کی طرف
در حقیقت وہ نہیں ہیں ہوشمندی کی طرف
اور جو فرطِ ندامت سے کنارہ کش ہوئے
وہ اُٹھے پستی سے اور پہنچے بلندی کی طرف

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کلہٕ ترٲوِتھ آس مالہِ بنٛدِ
اتھِ تۄ یٚہ سٕہ اکی کتھے
نتہٕ تتہِ آسکھ کۄت شرمنٛدِ
صاحب چُھ اکُے بیٚتہِ کیٲہ تتے

سر جھکا کر اُس کے بندے کی طرح رہنا ہے ٹھیک
ورنہ اُس کے سامنے ہے سرکشی کارِ رکیک
اُس کا کیا جائے گا، کل تم کو ندامت ہوگی خود
وہ تو یکتا ہے یہاں بھی اور وہاں بھی لاشریک

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

فَقرس پٮٹھ یُس رُودٕے دَرو
تس چُھے یٖنتہِ کیٚو تتہِ اوٚبروے
فقرُک مٕز یَس ووٚندس شرٕپو
سُہ زحمت تہٕنز رحمت وٚبندے

فقر میں جو شخص تابِ استقامت پائے گا
وہ یہاں پر آبرو اور واں پہ عزت پائے گا
فقر کو جس نے کیا ہے جذب اک لذت کے ساتھ
وہ یقیناً راہِ زحمت میں بھی رحمت پائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

مُڈ کنڈبو اَژکھ چلس
کتھ کر پنِس ذاتس ہستی
یُتھ نہٕ شیطاں فُری سَلش
اِد تُلہٕ نےٚ اَبُوجہلس ہستی

تُو جو اپنے اندر اپنے آپ ہی کو گُم کرے
اُس کو پا کر تو کرے گا بات اپنی ذات سے
ہاں مگر شیطاں کہیں ڈاکہ نہ ڈالے، ہوشیار
ورنہ تیرا حشر ہوگا ساتھ میں بُوجہل کے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

زَزُر ژام ہَنگری
ویَس نہٕ کھنڈ نابد تہٕ شگری
سُے رنگُر ہنا وُچھان پژتھ گری
یُس کرٕیہنس تھانس چھوٗت کری

میرے بالوں پہ خزاں چھائی ہے، پیری آ گئی
اب تو راس آتی نہیں ہے کوئی میٹھی چیز بھی
ہیں بس اک رنگریز کی نظریں مرے اعمال پر
جس میں ہے صنعت گری کالے کو اُجلا کرنے کی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کھورِ رۆسۍ جہاز تورُم
مۆرُم، ژکھ، رِش تہٕ مۆہہ
شودِ وونڈرِہتۍ صاحب گوۆرُم
اِدِ پژِنووُم پُنُن زُو

ہوگیا میرا سفینہ پار، دِن پتوار کے
دل کیا حرص وحسد سے پاک جب اخلاص نے
اس طرح ذکرِ خدا تقریبِ نیت سے کیا
میں نے پہچانا ہے خود کو قوتِ عرفان سے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اسلامی کامبن دوہ دبن برسہ
علمچہ لرِ کلمہ چی زالی تراو
روزہ، نماز، حج، زکواۃ، سرسہ
یُس کرِ گونگل سے کرِ کراو

علم اسلامی کی تعمیروں کی زیبائش کے ساتھ
دین کے احکام کی کر تابعداری تا حیات
یاد رکھ صوم و صلوٰۃ اور ساتھ میں حج و زکوٰۃ
کیونکہ جیسی کرنی ویسی بھرنی (ہے مشہور بات)

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

صاحب دوہِ اکہِ دورا کرے
کرِ یتھ سمسارس لُرِ پار
ستھ زمین آسمان پُرزِ پُرزِ کرے
نہِ گوھبس پرواہ نہ بیَس عار

حُکمِ رب سے جب زمانے میں قیامت آئے گی
دیکھنا ہرسُو تباہی اور مصیبت آئے گی
وہ کرے گا پُرزے پُرزے یہ زمین و آسماں
اُس کو پروا اور نہ پھر کوئی ندامت آئے گی

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس وِتکھ اورَے مینٹھ
گوٚہ کھےَ ژٚینٹھ کرَکھ نہٕ فوت
دَم وِیٚو حقس لال زن زِینٹھ
نتہٕ چُھے کُلُّ نَفسٍ ذائِقتہُ الموت

تحفہ جو گنتی کی سانسوں کا وہیں سے ہے ملا
یاد رکھو قدر و قیمت اور اہمیّت سدا
حق شناسی سے کرو ہر وقت قدرِ زندگی
کیونکہ پھر ہر نفس کے خاطر اجل کا ہے مزا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دوہۍ سون تہٕ روپھے زِیۄنُم
دوہۍ لۄکھ رۄدِم بنٛدِ گیے
دوہۍ سُوم کپٹُم تہٕ میۄنُم
پتو ژیۄنُم پٕیٚم شرمنٛد گیے

روز خواہش سونے چاندی کے کمانے کی رہی
روز گزری اِن امیدوں کے سہارے زندگی
خود نُمائی، زرق پوشاکی رہا ہے مشغلہ
بعد میں سمجھا تو پھر ہونے لگی شرمندگی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ژٕرِس زر ژام ہنگرے
بَلہِ نہٕ کھنڈ نابد شکرے
سُے رنگُر ژھارن پژتھ گرے
یُس کرٕ یہنس تھانس چھوٗت کرے

کیا کروں میں ہوں پریشانی سے بیمار و تباہ
فائدہ دیتی نہیں کوئی دوا میٹھی بھی آہ
ہے تلاش اب تک مجھے ایسے کسی رنگریز کی
جو ذرا کردے سفید آکر مرا رختِ سیاہ

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

اَلْحَمْدُ، قُلْ هُوَاللّٰه، اَلتَّحِیَاتُو
پاکھ چھے قرآنس یوتو
نتہٕ اِبلیس پریان کاتو
گوس پُرن سگ تہٕ مؤلن دزوتو

حمد، اخلاص، اَلتَّحِیَّاتُ اپنے معمولات کر
تُو سمجھ لے ہے یہی قرآں کا مقصد مختصر
دیکھ لے ابلیس اُستادِ ملائک تھا مگر
کردیا اُس کو تکبّر نے ذلیل و پست تر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

آدنہٕ گُرتھ پاپن کرٕشی
بُڈتھ دِٹتھ ریشی ناو
تسبیح گیی گُنس ہٕشی
یہٕ چأنٛ نماز کشی ہاو

کیا کروں ساری جوانی ہوگئی نذر گُناہ
اب بڑھاپے میں رشی بن کر ہوئی طاعت کی چاہ
جپتا ہوں لمبے گُنس[1] کی شکل کی تسبیح کو
اور دکھاوے کی نمازیں پڑھتا ہوں شام و پگاہ

☆

[1] سانپ کی ایک قسم

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفسی کٔڈس أٹی أٹی
نفسی کوٚرس پشے مان
نفس چھے مدِ ہوٚس ہانٛکل ژٕٹی
نفس تیمی رؤٹ سُہ ووت لامکان

خواہشاتِ نفس نے مجھ کو نِکمّا ہی رکھا
اور میری ذات کو غرقِ ندامت کردیا
نفس ہے اک مست بے زنجیر ہاتھی کی طرح
لامکاں تک پہنچا جس نے نفس کو قابو کیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پۆز دپان پن زن نٹکھ
اَپُز دپان لگی رس
محمدؐ تراُوتھ ابلیس رٹکھ
خدائے دِتے تہٕ کھٹکھ کس

سچ اگر بولے گا تو وہ بول کر تھرائے گا
اور مزے لے لے کے جھوٹ اپنی زباں پر لائے گا
جائے گا ذاتِ محمدؐ چھوڑ کر شیطاں کے پاس
اور خدا کی دی ہوئی نعمات کو جھٹلائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیژون قبر چھے پوش زن شیرے
کیژون قبر چھے سِیاہ چاہ
کیژہہ گُلی، صاحبو چانے ویرے
کیژہہ گُیہِ زیرے اکہِ گمراہ

بعض لوگوں کے ہیں مرقد غنچہ وگُل سے بھرے
بعض کی ہیں تُربتیں اندھے کنویں کی طرح سے
اے خدا، کچھ تو تری ہی راہ پر چلتے رہے
اور کچھ لوگ اپنی معمولی ہی لغزش سے گرے

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کنڈیو کوٗرُتھ سوئے منیونے
کیٹھوھا دِتو تھنزے وَتے
ژِ نو کاٗسہِ ہُنٛد کانہہ نو چوئے
واہ زُوو پالیس پٕتو

اپنا حق اے نفس تو جتلا گیا ہرچیز پر
اب ذرا اپنے خدا کی راہ میں کچھ خرچ کر
ہاں سمجھ لے تو کسی کا اور ترا کوئی نہیں
اب ذرا تو ہوش میں آجا مری جانِ جگر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس چھے ہکھر گنڈن آلس تےٚ
خوٚچ رَز تس شرٚاکھ مؤر ہاو
تیلی سکھر کُری آلس تےٚ
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کڑاو

بیل ہے یہ نفس تیرا رکھ اِسے تُو باندھ کر
خوف کی رسّی، چھُری، چابُک سے کر زیرِ اثر
ایسا کرنے سے ہے ممکن یہ ترے کام آسکے
جو کرے محنت مشقّت، وہ ہے حقدارِ ثمر

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

لۄبس تہٕ مُہس دِتھ رضا
کرۄلس پٮٹھ ز چھے وُدِ تہٕ ہاے
پانۄہ وق نماز کُرتھ قضا
تۄک سزا دِیِ خدا

خواہشاتِ نفس اور لالچ نے یہ کیا کردیا
مسخ کر ڈالا ہے روشن اور حسیں چہرہ ترا
تُو نماز پنجگانہ بھی قضا کرتا رہا
دیکھنا اک دن خدا اِس جُرم کی دے گا سزا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

تَلہٕ چُھے زِیُس تہٕ پٹھٕ چُھکھ نژان
ونتہٕ مالہِ وونٕدِ کبتھ پژان چُھے
عذابِ قبرس کونہٕ چُھکھ کھوژان
ونتہٕ مالہِ انہٕ کِتھٕ روژان چُھے

کھائی ہے پاؤں تلے اور اُس پہ تو ہے ناچتا
مطمئن ہے ایسی بے باکی پہ تو کیسے بھلا
تجھ کو اندیشہ عذابِ قبر کا کچھ بھی نہیں
تجھ سے کھانا کس طرح سے کھایا جاتا ہے بھلا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ہارس ہِنٛدِر پٕیٖم یامتھ پوہ گوم
کارس دوہ آم نہٕ گُرٛنز اکھ
تیٖلہِ پٕیوم ژبتس یٖلہِ وٚتھُن کوہ گوم
پتٔے آم یم یٔوٚرٕ دوٚپ نم پکھ

زندگی بھر خوابِ غفلت تھا بڑھاپا آگیا
وقت، عُمرِ بے عمل کو دیکھنے کا آگیا
ہوش تب آیا مجھے جب دے چکے اعضا جواب
اب فرشتہ موت کا، لے کر بُلاوا آگیا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

پانہٕ میٲنے پوٚنم ژٛندرو
موکھ زن ڈیوٚٹھمے زِنٛدِ روٚنے
بجُر پچھِ یٕلہِ ڈلہِ نے پِنٛدرو
اِ باٚژن گوٚھکھ کھرٕوٚنے

بدرِ کامل کی طرح رخشندہ اے ہستی مری
خوبصورت ہے بہت تِرا جمالِ ظاہری
جب بُڑھاپے میں خطا ہو جائیں گے ہوش و حواس
غیر کیا اپنوں کو بھی ہو جائے گی نفرت تری

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفس چھے ونٛک آگہٕ زۄلے
نیربس نہٕ پٹ، کوٹ مٹزولے
تیمی کدٕتھ اۄن گجہٕ زۄلے
تمی شرعِ محمدؐ پووٕلے

نفس ہے جنگل کی گانٹھوں والی لکڑی کی مثال
جس سے تختے اور گہوارے کا بننا ہے محال
جس نے پھونکا آتشِ عشق و ریاضت میں یہ نفس
ہوگیا حاصل اُسے شرعِ محمدؐ کا مآل

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

نفسی موٚرس وای
أ ژِتھ روٚوم گٹے
اتھِ ہے پیہِ ہم ہاے
کرتل ژِھنہِ ہَس ہٹے

نفس میرا وہ ہے جو تاریکیوں میں بیٹھ کے
ہرگھڑی کرتا ہے ساماں میرے مرنے کے لئے
کاش میرا نفس، میرے ہاتھ لگ جاتا کہیں
کاٹ ہی دیتا، گلا، میں مارکر خنجر اُسے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

لعلچ قدر ڈُنگل زانے
پوٚش کیاہ زانے سوٚتھ پیٚٹھ وَتھ
شمعچ قدر پوٚنٛڑ زانے
مُچھ کیاہ زانے پوٚنٛڑ گتھ

غوطہ زن ہی جانتا ہے قدرِ لعلِ بے بہا
کوئی ڈنگر بھی کہاں ندّی کنارے چل سکا
سوزِ پروانہ ہی جانے قدر و قیمت شمع کی
یہ مگس کیا جانے پروانے کی گردش کا مزا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

سُہ چُھنہٕ وُچھان قپلس تہٕ قالس
سُہ چُھ وُچھان دِلہٕ کِس حالس گُن
ذِکرِ حق پر زبو دِتھ تالس
دبو رازِ ہوشٕ تیی زالس گُن

وہ نہیں پڑتا کسی کے قیل میں یا قال میں
وہ ہمارا دیکھتا ہے دِل، کہ ہے کس حال میں
ذِکرِ حق کرتے رہو تم نیّتِ اخلاص سے
تاکہ پھنس جائے ہُما کوئی تمہارے جال میں

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کل اَے کرَکھ کل ہےَ وُزی
پھُلےَ لگُی اللہ ھوٗ
ژٕ یورٕ گوٚھکھ سٕہ توٚرٕ رُزی
دِلےَ وُزی اللہ ھوٗ

دھیان کے عالم میں اُس کے، تُو اگر آجائے گا
معرفت کا چشمہ تجھ میں پھوٹ کر آجائے گا
جا اِدھر سے، وہ بھی آتا جائے گا تیری طرف
اُس کا آوازہ ترے اندر نظر آجائے گا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

قرآن پران کونو مؤدکھ
قرآن پران گوٚے نا سؤر
قرآن پران زِندِ کتھ رؤدُکھ
قرآن پران دؤد منصور

پاک قرآں پڑھتے پڑھتے کیوں نہ تُو مُردہ ہوا
اس کی گرمی سے نہ تو کیوں راکھ ہوکر رہ گیا
مجھ کو حیرت ہے یہی، تُو کس طرح زندہ رہا
کیونکہ جل کر مرگیا منصور، جب قرآن پڑھا

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

عٕلِما پۄر وۄپھ کے ہَوسۍ
ژھلس چھۄ زاگان أ کِس اکھ
کۄ چھۄ گُمان أسۍ چھِ خاصۍ
تتہِ نو موکلبۄ ساسہِ مژِ اکھ

تم بنے عالم ہو، لوگوں سے کمانے کے لیے
ٹوہ میں باہم ہوتم، ٹھگنے ٹھگانے کے لیے
فی ہزار اک بھی نہ تم میں سے خلاصی پائے گا
شوق کیوں ہے، خودکو خاصوں میں گنانے کے لیے

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

دَمی ڈینٹھم ند وَہہ وِنی
دمی ڈیوٗنٹھم سُم نتہٕ تار
دمی ڈینٹھم تھُر پھولہٕ وِنی
دَمی ڈیوٗنٹھم گُل نتہٕ خار

گاہے میں نے دیکھا اک بہتی ندی کو شعلہ بار
اور کبھی دیکھا کہ اک پُل بھی نہ تھا جانے کو پار
گاہے دیکھا میں نے، پھولوں سے بھری تھیں ڈالیاں
اور کبھی دیکھا کہ صحنِ باغ میں گُل تھے نہ خار

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

صُبح پھوٗل تےٕ رات گیہِ آدا
اتہِ کہو رؤدُکھ راداہ دِتھ
بانگ تہٕ صلواۃ کر مالہِ آدا
جنتس ننہٕ نو ناداہ دِتھ

صبح اُبھری اور بیتے رات کے راز و نیاز
تو ابھی بستر پہ مُردے کی طرح سے ہے دراز
اے خدا کے بندے اُٹھ جا اَب عبادت کے لیے
کیونکہ فرمایا گیا، جنّت کی کُنجی ہے نماز

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized by eGangotri

نہٕ روزِ وَنٛدٕ تٕہ نہٕ ربتٕہ کولٕے
نہٕ بولہِ شٹراونہٕ پتٕہ کُستوٗر
نہٕ روزِ سوکھ ساوِنہٕ ہیہِ ہولٕے
نہٕ روزِ دوہٕے ساز و سنطوٗر

مستقل سرما و گرما کا نہیں دستوٗر بھی
بعد ساون کے نہ بولے گی کبھی کستوٗر بھی
سُکھ نہٕ باقی ہوگا، غیرت والی ہوگی غمزدہ
اور کہاں ہر دِن رہے گا ساز اور سنطور بھی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

کیژون دِتھ تورَے آلَو
کیژو رچاپہِ نالےَ وبتھ
کیژون مس چبتھ أچھ لجہِ تالَو
کیژون نیؤلے گُے ہالَو کھبتھ

بعض لوگوں کا بُلاوا آگیا دعوت ملی
اور ہم آغوشِ دریا ہوگئے کچھ آدمی
بعض تو صہبا کی مستی میں رہے حیرت زدہ
اور کچھ لوگوں کی پکّی فصل ٹڈی کھاگئی

☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ڈاکٹر سید شبیب رضوی

شاعری کے ترجمے کے بارے میں بیشتر دانشوروں کی رائے ہے کہ یہ ناممکن ہے یعنی شاعری کا ترجمہ صحیح اور مکمل طور پر نہیں ہوسکتا کہ اس کا ایک جداگانہ لسانی عمل ہے۔ ایک دانشور نے تو شاعری کی اس طرح تعریف کی کہ جو چیز ترجمے میں کھو جاتی ہے یا رہ جاتی ہے وہی شاعری ہے۔ یہ بات کسی حد تک درست بھی لگتی ہے۔ لیکن شبیب رضوی کا منظوم ترجمہ پڑھ کر یہ احساس ہی نہیں ہوتا کہ کوئی چیز گم ہوگئی ہے یا رہ گئی ہے۔

(رفیق راز)

سید شبیب رضوی گزشتہ نصف صدی سے زائد عرصے سے علم و ادب کی خدمت کے لیے وقف ہیں۔ اُن کا اپنا مخصوص اسلوب ہے اور اُن کے کلام کے فنی محاسن کا تجزیہ ایک الگ کتاب کا تقاضا کرتا ہے۔ کلام شیخ العالمؒ کے تقریباً سبھی اردو تراجم میری نظروں سے گزر چکے ہیں اور میرا ماننا ہے کہ زیر نظر ترجمے کی سلاست، روانی اور فکر و فن کی پختگی اس میں ایک نئے باب کا اضافہ کرتی ہے

(ڈاکٹر عزیز حامدی)

Designed by
Jameel Ansari

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.